http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو ◉ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: علی منصور

جلد : 22 | 29 جمادی الاول 1446ھ پیر 02 دسمبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 268



پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں پر پوری قوم کو فخر ہے، وزیراعظم

حکومت اور قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں گی اور دہشت گردوں کے ملک دشمن عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز کے بنوں اور خیبر میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر وزیراعظم شہباز شریف نے پذیرائی کی۔ انہوں نے پاکستانی فوج کے شہدا کی قربانیوں کو قومی اعزاز قرار دیتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بنوں اور خیبر میں فتنہ الخوارج کے خلاف کیے گئے کامیاب آپریشن پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے آپریشن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

غزہ اسرائیلی بمباری میں 50 فلسطینی شہید

متعدد زخمی

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ میں اسرائیلی فوج کی بمباری میں 50 فلسطینی پناہ گزین شہید اور متعدد زخمی ہیں۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے آج غزہ کے جبالیہ اور نصیرات کیمپ میں مسلسل بمباری جاری رکھی۔ اسرائیلی فوج کی جبالیہ کیمپ پر بمباری میں 42 جب کہ نصیرات کیمپ میں 10 کے قریب فلسطینی پناہ گزین شہید ہوئے۔ جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ ادھر خان یونس کے علاقے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

مقررہ وقت ختم ہونے کے باوجود غیر رجسٹرڈ وی پی اینز کو فوری بند نہ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے ڈیڈ لائن ختم ہونے کے باوجود غیر رجسٹرڈ وی پی اینز کو فوری طور پر بند نہ کرنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)



سیکورٹی فورسز کے 2 آپریشنز، 8 خوارج ہلاک

کیپٹن اور سپاہی شہید

خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے بکا خیل میں خفیہ اطلاع پر سیکورٹی فورسز نے آپریشن کیا، سیکورٹی فورسز کے آپریشن میں 5 خوارج ہلاک اور 9 زخمی ہوگئے، سیکورٹی فورسز نے دوسری کارروائی خیبر کے علاقے شاگئی میں کی، شاگئی میں کارروائی کے دوران 3 خارجی دہشت گرد جہنم واصل، جبکہ 2 کو گرفتار کرلیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے دو مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 8 خوارج جہنم واصل ہوگئے جبکہ سیکیورٹی فورسز کا ایک کیپٹن اور سپاہی شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے بکا خیل میں خفیہ اطلاع پر سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کیا۔ سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 5 خوارج ہلاک اور 9 زخمی ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے دوسری کارروائی خیبر کے علاقے شاگئی میں کی، شاگئی میں کارروائی کے دوران 3 خارجی دہشت گرد جہنم واصل، جبکہ 2 کو گرفتار کرلیا گیا۔ شاگئی میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں کیپٹن محمد ذوہیب الدین اور سپاہی افتخار حسین نے وطن کی مٹی پر اپنی جان نچھاور کردی۔ پاک فوج کے 25 سالہ کیپٹن ذوہیب الدین کا تعلق لاہور سے تھا، شہید نے دہشت گردوں کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف شہید میجر ذوہیب الدین کی نمازہ جنازہ میں شریک ہیں، دوسری جانب آخری دیدار

کاکول میں آرمی نیوی اور فضائیہ کے کیڈٹس کی مشترکہ عسکری تربیت کا آغاز

تربیت پانچ ماہ پر محیط ہوگی جس میں تینوں مسلح افواج کے کیڈٹس بنیادی عسکری تربیت حاصل کرینگے، پی ایم اے پاکستان کی بری فوج کا اعلیٰ تربیتی ادارہ ہے جو پاکستان کی دفاعی قوت میں قابل اور پیشہ ور قیادت کا اضافہ کرتا ہے، پی ایم اے میں مسلح افواج کے کیڈٹس کی تربیت عسکری قیادت میں مشترکہ آپریشنز کیلیے ایک جامع نقطہ نظر پیش کریگی، رپورٹ

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں آرمی، نیوی اور فضائیہ کے کیڈٹس کی مشترکہ عسکری تربیت کا آغاز ہوگیا۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی میں 01 دسمبر 2024 سے آرمی، نیوی اور فضائیہ کے کیڈٹس کی مشترکہ عسکری تربیت ہوگی، یہ تربیت پانچ ماہ پر محیط ہوگی جس میں تینوں مسلح افواج کے کیڈٹس بنیادی عسکری تربیت حاصل کرینگے۔ پی ایم اے پاکستان کی بری فوج کا اعلیٰ تربیتی ادارہ ہے جو پاکستان کی دفاعی قوت میں قابل اور پیشہ ور قیادت کا اضافہ کرتا ہے۔ پی ایم اے میں مسلح افواج کے کیڈٹس کی تربیت عسکری قیادت میں مشترکہ آپریشنز کے لیے ایک جامع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

کاکول: پاک بحریہ، فضائیہ اور آرمی کے کیڈٹس مشترکہ مشقوں میں مصروف ہیں

پاک فوج کا پُرتشدد ہجوم سے براہِ راست کوئی ٹکراؤ نہیں ہوا

وزارت داخلہ

مظاہرین کے علاقے سے فرار کے فوری بعد وفاقی وزرائے داخلہ اور اطلاعات نے متاثرہ علاقے کا دورہ بھی کیا، پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر ایک منظّم پراپیگنڈہ شروع کردیا ہے، مبینہ ہلاکتوں کی ذمہ داری قانون نافذ کرنیوالے اداروں پر ڈالنے کی مذموم کوشش کی جارہی ہے، ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارتِ داخلہ کے مطابق آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت اسلام آباد میں پاک فوج کو تعینات کیا گیا، پاک فوج کی تعیناتی کا مقصد اہم تنصیبات کو محفوظ اور غیر ملکی سفارت کاروں کی حفاظت اور دورے پر آئے اہم وفود کے لیے محفوظ ماحول کو یقینی بنانا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

احتجاج میں مراد سعید شریک تھا اور اپنے ساتھ مسلح جتھہ لایا تھا، عطا تارڑ کا انکشاف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے انکشاف کیا ہے کہ 24 نومبر کے احتجاج میں مراد سعید شریک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

اسلام آباد سے گرفتار پی ٹی آئی شرپسندوں کے ہوشربا انکشافات

اسلام آباد سے گرفتار پی ٹی آئی شرپسندوں نے ہوش ربا انکشافات کردیئے۔ پی ٹی آئی کے حالیہ احتجاج میں شریک جل حبیب کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والوں نے ہمیں پیسے دے کر ڈی چوک میں توڑ پھوڑ کرنے کیلیے چھوڑا عابد نواز کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والے ہمیں یہاں لے کر آئے اور پھر ہمیں چھوڑ کر خود بھاگ گئے۔ صدیق نے کہا کہ میں پی ٹی آئی کے احتجاج میں شامل ہونے اسلام آباد آیا تھا اور یہاں ہمیں پولیس نے گرفتار کیا لیکن پی ٹی آئی کا کوئی بندہ ہمیں چھڑانے نہیں آیا۔

عباس خان کا کہنا تھا کہ میں پی ٹی آئی والوں کے کہنے پر یہاں آیا لیکن وہ ہمیں یہاں چھوڑ کر بھاگ گئے اور پولیس والے ہمیں یہاں لے آئے لیکن کوئی تشدد نہیں کیا۔ طاہر خان نے کہا کہ ہمارا لیڈر میدان چھوڑ کر بھاگ گیا اور لوگوں نے بہت توڑ پھوڑ بھی کی لہذا اب سے میرا پی ٹی آئی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایک اور شرپسند نے کہا کہ ہم سب یہاں پی ٹی آئی کی کال پر آئے تھے لیکن ہمیں بہت ذلالت کا سامنا ہوا اور اب ہم انہیں اپنا لیڈر نہیں مانتے۔

میانوالی، تھانے پر خوارجی دہشتگردوں کا حملہ ناکام، 4 دہشت گرد ہلاک

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب پولیس نے میانوالی کے تھانہ چاپری پر خوارجی دہشت گردوں کا حملہ ناکام بناتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پنجاب پولیس کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق تھانہ چاپری میانوالی پر خوارجی دہشت گردوں نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)



زیر حراست ملزمان کی اصلاح بہت ضروری ہے، علی امین گنڈاپور

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ زیر حراست ملزمان کی اصلاح بہت ضروری ہے۔ علی امین گنڈاپور نے پشاور میں سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے کہا کہ سی ٹی ڈی کے پی مستحکم نہیں، انہیں غلط معلومات ملی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



صدر مملکت کا سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ صدر مملکت نے 8 خارجیوں کو جہنم واصل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

بانی پی ٹی آئی کی جیل سے منتقلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، جیل ذرائع

دھرنے سے قبل اسٹیبلشمنٹ اور پی ٹی آئی کے درمیان رابطوں کا انکشاف

24 نومبر سے قبل تحریک انصاف اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان مذاکرات کے لیے راہموار کی گئی تھی، عمران خان کو بھی قائل کرنے کی کوششیں کامیاب ہونے لگی تھی لیکن اس دوران عمران خان کی جانب سے 24 نومبر کو احتجاج کی کال دیدی گئی، احتجاج کے لیے 24 نومبر کی تاریخ دینا مذاکرات کی راہموار کرنیوالوں کیلیے حیران کن تھا، ذرائع

پشاور (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں 24 نومبر کے دھرنے سے قبل اسٹیبلشمنٹ اور تحریک انصاف کے درمیان رابطوں کا انکشاف ہوا ہے۔ تحریک انصاف کے پارلیمانی پارٹی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے اجلاس کے ارکان کو 24 نومبر سے قبل اور بعد کی صورتحال کے حوالے سے آگاہ کیا۔ احتجاج کی فائنل کال پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان مذاکرات میں بریک اپ کی وجہ بنی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور پی ٹی آئی قیادت مصالحت میں کام کردار ادا کررہے تھے۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق اجلاس کو بتایا گیا کہ 24 نومبر سے قبل تحریک انصاف اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان مذاکرات کے لیے راہموار کی گئی تھی، عمران خان کو بھی قائل کرنے کی کوششیں کامیاب ہونے لگی تھی لیکن اس دوران عمران خان کی جانب سے 24 نومبر کو احتجاج کی کال دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق احتجاج کے لیے 24 نومبر کی تاریخ دینا مذاکرات کی راہموار کرنے والوں کے لیے حیران کن تھا، 24 نومبر سے قبل اسی کے لیے ملک کے مختلف شہروں میں جلسوں کا اعلان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

وفاقی حکومت نے عوام پر پیٹرول بم گرادیا، پیٹرول 3.72 روپے مہنگا

وفاقی حکومت نے آئندہ 15 دن کیلیے پیٹرول اور ڈیزل مہنگا کردیا۔ وزارت خزانہ نے یکم دسمبر سے 15 دسمبر کیلیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردو بدل کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے 72 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد نئی قیمت 252 روپے 10 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح ڈیزل کی قیمت میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

چیمپئنز ٹرافی، چیئرمین پی سی بی دبئی میں متحرک

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیمپئنز ٹرافی 2025 کے سلسلے میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی دبئی میں متحرک ہوگئے۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے متحدہ عرب امارات کے کرکٹ بورڈ کے ہیڈ و آئی سی سی ایسوسی ایٹس ممبر کمیٹی کے چیئرمین مبشر عثمانی سے ملاقات کی۔ ملاقات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

ایم کیو ایم پاکستان کا ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کے تحت نویں جماعت کے نتائج پر عدم اعتماد کا اظہار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان نے ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت نویں جماعت کے نتائج کا اعلان کردیا، ترجمان ایم کیو ایم پاکستان کے مطابق نویں جماعت کے نتائج میں کامیابی کا تناسب انتہائی کم رہنا محکمہ تعلیم سندھ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے جبکہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

سندھ رینجرز اور پولیس کی مشترکہ کارروائی، 2 ملزمان گرفتار

کراچی (رپورٹ عامر صابر) پاکستان رینجرز (سندھ) اور پولیس نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے سردار ممتاز وِلیج حب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

کرم میں قبائل کے درمیان جھڑپوں میں مزید 6 افراد جاں بحق

ہلاکتوں کی تعداد 130 ہوگئی

کشیدگی کے باعث پشاور پاراچنار مرکزی شاہراہ سمیت آمدورفت کے راستے بند ہیں، کرم کی مرکزی شاہراہ اور پاک افغان خرلاچی بارڈر پر بھی آمدورفت بند ہے،

شاہراہوں کی بندش سے تیل، اشیائے خورونوش اور ادویات کی شدید قلت ہوگئی، لوئر کرم کے مختلف مقامات پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کے دستے تعینات ہیں، ڈپٹی کمشنر

کرم ایجنسی (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختون خوا کے ضلع کرم میں قبائل کے درمیان گیارہویں روز بھی جھڑپیں جاری ہیں جن میں مزید 6 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہوگئے جس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

مقبوضہ کشمیر، کینسر کے مریضوں میں تشویش ناک اضافہ ریکارڈ

سری نگر (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں کینسر کے مریضوں میں تشویش (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

قصبہ کالونی میں نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر برآمد

جس نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر ملا ہے اسکے اطراف شواہد جمع کررہے ہیں، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

فتح محمد قریشی کو ڈائریکٹر نیب تعینات کردیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گریڈ 20 کے فتح محمد قریشی کو ڈائریکٹر نیب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)



آئی جی سندھ کی زیرصدارت افسران کا سینٹرل پولیس آفس میں اجلاس، اہم فیصلے

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) آئی جی سندھ کی زیرصدارت سینٹرل پولیس آفس میں افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر میں بڑھتی ہوئی وہیکل لفٹنگ کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

معذوروں کو حکومتی کوٹے کے تحت نوکریاں دی جائیں

حافظ نعیم الرحمٰن

معذوروں کو حکومتی کوٹہ کے تحت نوکریاں دی جائیں، پاکستان میں ٹرانسپورٹ یا فٹ پاتھ پر معذور افراد کیلیے کوئی جگہ نہیں،

ہماری مائیں بہنیں چنگ چی میں دھکے کھارہی ہیں، کورونا میں آکسیجن سلنڈر کمائی کیلئے غائب کردیئے گئے تھے

لاہور (بیورورپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا ہے کہ معذور افراد ہمارے معاشرے اور خاندان کا اہم ترین حصہ ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن کے زیراہتمام منصورہ لاہور میں خصوصی باہمت افراد کے عالمی دن کی مناسبت سے تقریب سے خطاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی: سندھ کلچرل ڈے کی مرکزی تقریب میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہیں

معاشرے میں ایڈز کا بڑھتا ہوا رجحان تکلیف دہ ہے

مراد علی شاہ کا یوم ایڈز پر بیان

اس بیماری کیخلاف جنگ ہماری ذمہ داری ہے، صحت مند معاشرہ ہم سب کیلیے ضروری ہے، لوگوں میں اسکے متعلق معلوماتی

مہم کا چلانا ضروری ہے، سندھ حکومت نے ایڈز کے تدارک کیلئے باقاعدہ اقدامات کیے ہیں، سید مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم ایڈز کے موقع پر پیغام میں کہا ہے آج کی تھیم درست سمت کا انتخاب، میری صحت میرا حق کو عام کریں۔ کراچی سے وزیراعلی سندھ کے ترجمان کے مطابق انہوں نے کہا کہ معاشرے میں ایڈز کا بڑھتا ہوا رجحان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی، موسم سرد ہونے لگا، درجہ حرارت 2.7 ڈگری گرگیا

مغربی سلسلے کے اثرات 5 دسمبر سے کراچی پر اثرانداز ہوسکتے ہیں، محکمہ موسمیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں رات کے وقت خنکی بڑھ گئی سے کم سے کم پارہ گزشتہ روز کے مقابلے میں 2.7 ڈگری گرگیا۔ محکمہ موسمیات ارلی وارننگ سینٹر پیش گوئی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

انڈر 19 ایشیا کپ میں پاکستان کی بھارت کو عبرتناک شکست

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) انڈر 19 ایشیا کپ میں پاکستان نے بھارت کو 43 رنز سے عبرتناک شکست دے دی۔ انڈر 19 ایشیا کپ کے گروپ اے کا میچ پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا جس میں پاکستان نے بھارت کو 43 رنز سے شکست دے دی۔ پاکستان نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی، ڈکیتی مزاحمت پر دن دیہاڑے ایک اور نوجوان قتل

مسلح ملزمان نے چھینا جھپٹی کے دوران مزاحمت کرنے پر حسن کو قتل کیا، ایس ایس پی ایسٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گرومندر کے قریب ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے ایک اور نوجوان کو قتل کردیا، مسلح ملزمان نے دن دیہاڑے ٹائر شاپ پر ڈکیتی کی کوشش کی اور حسن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ، پاکستان نیپال کو شکست دیکر فائنل میں پہنچ گیا

ملتان (اسپورٹس نیوز) چوتھے ٹی 20 بلائنڈ کرکٹ ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پاکستان نے نیپال کو شکست دے دی۔ ڈی ایچ اے گراونڈ ملتان میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے نیپال کی جانب سے 95 رنز کا ہدف بغیر کوئی وکٹ گنوائے 5.3 اوورز میں حاصل کرلیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

مہوش انور پی آئی اے کی پہلی خاتون فلائنگ اسپنر انجینئر بن گئیں

انہوں نے گزشتہ روز اسلام آباد سے سکھر کی کامیاب فلائٹ مکمل کی، ذرائع

اسلام آباد (بیورورپورٹ) مہوش انور قومی ایئرلائن (پی آئی اے) کی پہلی خاتون فلائنگ اسپنر انجینئر بن گئیں ہیں۔ مہوش انور نے اپنی پہلی فلائٹ کو ریج کامیابی سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

کلفٹن، پاکستان ریفائنری کی لائن پھٹنے سے تیل رہائشی عمارت تک پھیل گیا

فٹ پاتھوں پر قائم ہوٹلوں اور چائے خانے ٹریفک کی روانی اور پیدل

چلنے والوں کے لیے مشکلات کا باعث بن رہے ہیں، ترجمان سی بی سی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کلفٹن سی ویو کے سامنے سروس روڈ پر پاکستان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

ابوظہبی اور قطر نے پی آئی اے کی نجکاری میں دلچسپی ظاہر کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ابوظہبی اور قطر نے قومی ایئرلائن کی نجکاری میں دلچسپی ظاہر کردی۔ تفصیلات کے مطابق پی آئی اے کی نجکاری کے لیے گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ معاہدے کے لیے حکومتی کوششیں جاری ہیں، ابوظہبی اور قطر نجکاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

شیریں جناح کالونی میں مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو گرفتار

ملزمان ساحل پر جانیوالے شہریوں سے ڈکیتی کی واردات کرنے کی نیت سے کھڑے تھے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بوٹ بیسن پولیس نے شیریں جناح کالونی بلاک ون میں ڈاکوں سے مبینہ مقابلے میں ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ ایس پی ماجدہ پروین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن امن وامان کی صورتحال کیلئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

سندھ بھر میں سندھ کلچرل ڈے جوش وجذبے سے منایا گیا

ہر سال دسمبر کے پہلے اتوار کو سندھی یوم ثقافت منایا جاتا ہے، مختلف تقریبات میں

ثقافتی ٹیبلو پیش کرکے یا علاقائی گیتوں پر والہانہ جھوم کر اپنی ثقافت سے محبت کا اظہار کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج سندھی ثقافت کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم گرفتار، ہزاروں امریکی ڈالر برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) اینٹی کرپشن نے غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے کارروائی کرتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کسی پارٹی پر پابندی لگانے یا گورنر راج لگانے والے حالات نہیں، مولانا فضل الرحمٰن

اسلام آباد (بیورورپورٹ) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی سے متعلق صحافی کے سوال کا جواب دے دیا۔ مولانا فضل الرحمان نے میڈیا سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

حیدرآباد، نامعلوم ملزمان نے ہوٹل مینیجر امداد اللہ تنولی پٹھان کو فائرنگ کرکے قتل کردیا

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) اسٹیشن روڈ پر واقع خیبر ہوٹل کے مینیجر امداد اللہ تنولی پٹھان کو نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے قتل کردیا، فورٹ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ ہفتے اتوار کی درمیان شب فورٹ تھانہ کی حدود میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

کراچی میں فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد زخمی

چھوٹا گبول گوٹھ میں فائرنگ سے 46 سالہ شرف الدین نامی شخص زخمی ہوگیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں 2 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نیو کراچی صنعتی ایریا کے علاقے سیکٹر الیون جی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

ملک کے مختلف علاقوں میں انٹرنیٹ پھر سست روی کا شکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک کے مختلف علاقوں میں انٹرنیٹ پھر سست روی کا شکار ہوگیا جس کے سبب فیس بک، انسٹاگرام اور واٹس ایپ سمیت سوشل میڈیا سروسز بھی متاثر ہیں۔ ذرائع کے مطابق صارفین کو تصاویر، وائس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

سندھ صوفی بزرگوں کی سرزمین ہے، بلاول بھٹو زرداری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کے عوام سمیت تمام پاکستانیوں کو یوم ثقافت سندھ پر مبارکباد پیش کی ہے۔ پی پی پی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

پشاور: وزیراعلی خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹر میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

بھارتی فوج کی جارحیت، اپنے ہی 7 شہریوں کو گولیوں سے بھون ڈالا

اینٹیر یا گاران میں سرچ آپریشن کے دوران 7 افراد کو حراست میں لیا تھا، ان ساتوں افراد کی گولیاں لگی لاشیں برآمد ہوئیں جنھیں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا، میڈیا رپورٹس ج

حیدرآباد دکن (مانیٹرنگ ڈیسک) ریاست تلنگانہ میں سرچ آپریشن کے دوران بھارتی فوج کی فائرنگ میں 7 افراد ہلاک ہوگئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج نے تلنگانہ میں ضلع ملوگو کے علاقے اینٹیر یا گاران میں سرچ آپریشن کے دوران 7 افراد کو حراست میں لیا تھا۔ بعدازاں ان ساتوں افراد کی گولیاں لگی لاشیں برآمد ہوئیں جنھیں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

باجوڑ میں امن کے ثمرات کھیلوں کے مقابلوں میں انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور نارتھ میجر جنرل انجم ریاض بھی شریک ہیں

سندھ کی ثقافت طنز پانی اور وحدت پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں

پاکستان پیپلز پارٹی

متنازعہ کینال منصوبہ قبول نہیں ہے اسلیے سندھ کی مرضی کے بنا کوئی بھی منصوبہ نہیں بننا چاہیے سندھ کی عوام نے ہمیشہ نفرت

اور انتشار کی سیاست کو مسترد کیا ہے اس لیے سندھ کی عوام کے دلوں میں انتشار اور نفرت پھیلانے والوں کی کوئی جگہ نہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو اور اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

ضلع باجوڑ میں امن کے ثمرات کھیلوں کے مقابلوں کے ذریعہ جاری

فٹبال ٹورنامنٹ پانچ روز جاری رہا جس میں مختلف اضلاع کی 16 ٹیموں نے

حصہ لیا، امن فٹبال ٹورنامنٹ شاندار رنگارنگ تقریب کیساتھ اختتام پزیر ہوگیا

باجوڑ (بیورورپورٹ) ضلع باجوڑ میں امن کے ثمرات کھیلوں کے مقابلوں کے ذریعہ جاری ہیں۔ باجوڑ میں پاک فوج، فرنٹیئر کور نارتھ اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے منعقدہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

بلاول بھٹو کی قیادت میں سندھی ثقافت کے تحفظ کیلیے پرعزم ہیں

شرجیل میمن

سندھی اجرک، ٹوپی، ادب، موسیقی ہماری تہذیب کی علامات ہیں، بلاول بھٹو کی قیادت میں حکومت سندھی ثقافت

کے تحفظ کیلئے پرعزم ہیں، ہمارا ثقافتی ورثہ، قومی اتحاد اور قومی ہم آہنگی کیلئے مشعل راہ ہے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں صوبائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)



سندھی کلچر ڈے شاندار روایات اور لازوال اقدار کا مظہر ہے، ناصر حسین شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر توانائی سندھ ناصر شاہ نے یوم ثقافت سندھ پر اپنا خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔ ناصر شاہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ سندھی کلچر ڈے شاندار روایات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

پروفیسر طارق صلاح الدین اور انکی اہلیہ کی نماز جنازہ آج ادا کی جائیگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں سپر ہائی وے جمالی پل کے قریب ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے پروفیسر طارق صلاح الدین اور انکی اہلیہ کی نماز جنازہ آج (پیر) ادا کی جائیگی، وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیرداخلہ سندھ کا افسوس کا اظہار، ضیا الحسن لنجار نے حادثے کی تفصیلات طلب کرلی۔ پروفیسر طارق صلاح الدین نے لواحقین میں بیٹی اور 2 بیٹے چھوڑے ہیں۔

بھاری ٹیکسوں کے نفاذ کے باوجود ایف بی آر ٹیکس ہدف کے حصول میں ناکام

ماہ نومبر میں ایف بی آر 852 ارب روپے کے محصولات اکھٹا کرسکا،

ماہ نومبر کا ٹیکس ہدف 1003 ارب روپے تھا، ذرائع کا دعویٰ

اسلام آباد (بیورورپورٹ) بھاری ٹیکسوں کے نفاذ کے باوجود بھی ایف بی آر ٹیکس ہدف کے حصول میں ناکام ہوگیا۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق رواں مالی سال ایف بی آر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

انسداد بجلی چوری مہم، ابتک 133 ارب روپے سے زائد وصول

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں معیشت کی بحالی کیلئے انسداد بجلی چوری مہم کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ ملکی معیشت کی بحالی اور عوام کو بجلی کے بحران سے نکالنے کیلئے حکومت اور عسکری قیادت کے اقدامات کے ثمرات اب آشکار ہورہے ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق ابتک مجموعی طور پر 87 ہزار سے زائد بجلی چوروں کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کے نتیجے میں ابتک 133 ارب روپے سے زائد وصول کرلیے گئے۔

پی ٹی آئی پر پابندی کے پی میں گورنر راج لگتا نظر نہیں آرہا، فیصل واوڈا

اسلام آباد (بیورورپورٹ) سینیٹر فیصل واوڈا کا کہنا تھا کہ مجھے تحریک انصاف پر پابندی اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگتے نظر نہیں آرہا، حکومت پی ٹی آئی کی مارکیٹنگ ٹیم ہے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

شادی کے پروگرام میں ڈانس کیلئے جانے والی ڈانسر گولی لگنے سے دم توڑ گئی

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) ٹنڈو جام کے قریب گاؤں نصیر خان سپیو میں شادی کے پروگرام میں ڈانس کے لئے حیدرآباد سے جانے والی ڈانسر مہندی گولی لگنے سے دم توڑ گئی، رقاصہ مہندی کو تشویشناک حالت میں تعلقہ ہسپتال لایا گیا تھا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکی۔ بتایا جاتا ہے کہ شادی کی تقریب میں ڈانس پارٹی کا پروگرام رکھا گیا تھا جہاں ہونیوالی فائرنگ سے ڈانسر مہندی اور دولہا کا بھائی جلال سپیو زخمی ہوا تھا۔

احتجاج میں اسلحہ استعمال ہونا خطرناک ہے، میجر جنرل (ر) زاہد محمود

پی ٹی آئی کے احتجاج کا طریقہ کار نا صرف افسوس ناک ہے بلکہ ملک وقوم کیلیے

تباہ کن ہے، اس کا مقصد فوج، سیکورٹی فورسز اور عوام میں نفرت پیدا کرنا تھا، تجزیہ کار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دفاعی تجزیہ کار میجر جنرل (ر) زاہد محمود کا کہنا ہے کہ ایسا احتجاج جس میں اسلحہ استعمال کیا گیا ہو، خطرناک اور ناقابل قبول ہے۔ تجزیہ کار میجر جنرل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

سلمان اکرم نے استعفیٰ واپس لے لیا، مشعال یوسفزئی عہدے سے فارغ

اسلام آباد (بیورورپورٹ) تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے استعفی واپس لے لیا، پارٹی ذرائع کے مطابق سلمان اکرم راجہ نے خود پر ہونے والی تنقید کی وجہ سے استعفی دیا تھا۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ سلمان اکرم راجہ جاتے تھے احتجاج میں ناکامی کی ذمہ داری ان پر نہ ڈالی جائے تاہم پارٹی رہنماؤں نے مرکزی قیادت کو احتجاج کی ناکامی کا ذمہ دار قرار دیا تھا۔

بھارتی انتہاپسندی عروج پر، کلکتہ میں بنگلا دیشی مریضوں کا علاج کرنے سے انکار

پڑوسی ملک میں ہندوؤں کے خلاف ہونے والے مبینہ مظالم کے خلاف احتجاجاً

بنگلا دیش سے آنے والے مریضوں کا علاج نہیں کریں گے، اسپتال انتظامیہ

کلکتہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں اسپتال انتظامیہ نے بنگلا دیش (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: دکان سے درزی کی پراسرار لاش برآمد

متوفی کی شناخت 58 سالہ فیاض کے نام سے کی گئی، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیفنس بدر کمرشل میں درزی کی دکان سے کام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

بلوچستان یونیورسٹی کے طلبا وفیکلٹی ممبرز کا ایف سی بلوچستان (نارتھ) ہیڈکوارٹرز کا دورہ

بلوچستان یونیورسٹی کے طلبا و طالبات اور فیکلٹی ممبرز نے ایف سی بلوچستان

(نارتھ) ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا اور شہدا کی یادگار پر حاضری دی، ترجمان

کوئٹہ (بیورورپورٹ) بلوچستان یونیورسٹی کے طلبا و طالبات اور فیکلٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

ڈی آئی جی سکھر کیپٹن ریٹائرڈ فیصل عبداللہ چاچڑ کی رہنمائی اور احکامات پر جرائم پیشہ افراد کیخلاف کارروائیاں

پولیس نے خیرپور میرس کی 4 عورتوں، مائی امیر زادی جمالی، مائی فرزانہ

مائی نزیراں سوہاگ، مائی بچل کناسرو اور ایک مرد محبؐ گوپانگ کو اغوا ہونے سے بچالیا

سکھر (بیورورپورٹ) ڈی آئی جی سکھر کیپٹن ریٹائرڈ فیصل عبداللہ چاچڑ کی رہنمائی اور احکامات پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں میں آج ضلع گھوٹکی، تھانہ آندل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کوئٹہ: آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر بلوچستان یونیورسٹی کے طلبا وفیکلٹی ممبرز سے ایف سی بلوچستان (نارتھ) ہیڈکوارٹرز کے دورہ کے موقع پر خطاب کررہے ہیں

کراچی: پاکستان رینجرز سندھ اور پولیس کی مشترکہ کارروائی میں گرفتار ملزمان، دوسری جانب رینجرز اہلکار سڑک پر الرٹ کھڑے ہیں

قائد کے شہر سے
روزنامہ تشکر کراچی نیوز

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر علی منصور

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریوریڈیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

افغان باشندوں کی سیاسی معاملات میں مداخلت، دفتر خارجہ کی وارننگ

ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے خبردار کیا ہے کہ افغانیوں سمیت تمام غیر ملکی باشندے پاکستان کے سیاسی معاملات سے دور رہیں غیر ملکی باشندوں کی پاکستان میں سیاسی جلسوں میں شرکت غیر قانونی ہے۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں اپنی ہفتہ وار پریس بریفنگ میں انہوں نے بتایا کہ وزارت داخلہ نے اسلام آباد کے احتجاج سے افغان شہریوں کو گرفتار کیا ہے جن کی تفصیلات وزارت داخلہ جاری کریگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پاکستان اور کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے مابین کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہو رہے۔ انہوں نے اس امر کی بھی وضاحت کی کہ پاکستان اور چین کا کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے انگیج منٹ سے متعلق کوئی ایجنڈا نہیں ہے۔

ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ بیلاروس کے صدر نے وزیراعظم پاکستان کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کیا جس میں دوطرفہ تعلقات پر بات چیت ہوئی اور متعدد معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اس وقت روس کے سرکاری دورے پر ہیں جہاں وہ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے اور پارلیمانی تعاون کو مضبوط بنانے کیلئے ایم او یوز پر دستخط بھی کئے جائیں گے۔ انکے بقول نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار 2 دسمبر کو ایران کے دو روزہ دورے پر جائیں گے جہاں وہ وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شریک ہونگے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ہفتے مقبوضہ کشمیر کے ضلع کشتواڑ میں بھارتی فوج کے کیمپ میں چار شہریوں کو دوران حراست بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ پاکستان اس واقعہ کے ذمہ داروں کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کرتا ہے۔

بے شک اقوام متحدہ کے چارٹر میں اقوام متحدہ کے رکن ممالک کے مابین بین الریاستی تعلقات کے حوالے سے واضح طور پر طے کیا گیا ہے کہ ہر رکن ملک ایک دوسرے کی آزادی اور خودمختاری کی پاسداری کریگا اور کوئی رکن ملک کسی دوسرے رکن ملک کے اندرونی معاملات میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کریگا جبکہ کسی دوطرفہ تنازعے کے حل کیلئے ایک دوسرے پر لشکر کشی سے بھی گریز کیا جائیگا اور اقوام متحدہ کے فورم پر ہی علاقائی اور عالمی تنازعات کے علاوہ دو یا زیادہ ممالک کے باہمی تنازعات کا حل نکالا جائیگا۔ اس تناظر میں دوسرے ممالک کیلئے پاکستان کی آزادی اور خودمختاری کا احترام بھی واجب ہے۔ بدقسمتی سے ہمیں بھارت اور افغانستان کی شکل میں دو ایسے پڑوسی ملک ملے ہیں جنہیں پاکستان کے ساتھ شروع دن سے ہی خدا واسطے کا بیر ہے۔ پاکستان کو اقوام متحدہ کی رکنیت دینے کی بھی سب سے پہلے افغانستان نے مخالفت کی تھی جبکہ بھارت نے تقسیم ہند کے ایجنڈے کی روشنی میں پاکستان کا قیام تو بادل نخواستہ قبول کر لیا مگر اسکی سلامتی کمزور کرنے کی سازشوں میں شروع دن سے ہی مگن ہو گیا۔ اسکی پاکستان کے ساتھ مخاصمت کا سلسلہ ہنوز جاری ہے اور کابل انتظامیہ بھی پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کی بھارتی سازشوں میں شامل ہو چکی ہے۔ ہمارے لئے اس سے زیادہ افسوسناک صورتحال اور کیا ہو سکتی ہے کہ پاکستان کی افغانستان میں امن عمل کی کاوشوں کے نتیجہ میں ہی امریکی نیٹو افواج کی افغانستان سے واپسی ممکن ہوئی اور افغان طالبان کو دوبارہ کابل کے اقتدار میں آنے کا موقع ملا۔ اس تناظر میں ہمیں توقع تھی کہ ماضی کے برعکس اب پاکستان کو افغانستان کی جانب سے تازہ ہوا کا جھونکا ملے گا مگر اسکے برعکس کابل کی عبوری طالبان حکومت کی جانب سے پاک افغان سرحد پر افغان باشندوں کے پاکستان میں غیر قانونی داخلے کی راہ ہموار کی جانے لگی جنہوں نے سرحد پر لگی باڑ اکھاڑ کر پاکستانی پرچم بھی پاؤں تلے روندے اور پاکستان کی سلامتی کو بھی رعونت کے ساتھ چیلنج کرنا شروع کر دیا۔ طالبان حکومت کی اس پالیسی سے ہی بھارت کو پاکستان کے اندر اپنا سازشی نیٹ ورک پھیلانے کا مزید موقع ملا جس کے دہشت گرد افغان سرزمین پر تربیت حاصل کر کے وہاں سے پاکستان میں داخل ہونے لگے چنانچہ 2021 سے اب تک پاکستان میں دہشت گردی کی جتنی بھی وارداتیں ہوئی ہیں ان میں سے 95 فیصد وارداتیں افغانستان سے پاکستان داخل ہونے والے دہشت گردوں کے ذریعے ہی ہوئیں جبکہ کابل کی طالبان انتظامیہ نے اس حوالے سے پاکستان کے باضابطہ طور پر ریکارڈ کرائے گئے کسی احتجاج کی بھی پرواہ نہیں کی۔

چونکہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث تحریک طالبان کے لوگوں کی پذیرائی ہونے لگی اور طالبان حکومت کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت پاکستانی جیلوں میں مقید طالبان دہشت گردوں کی رہائی بھی عمل میں آنے لگی اور پھر ان دہشت گردوں کو پاکستان کی ایک جیل توڑ کر بھی فرار ہونے کا آسان موقع مل گیا اس لئے بادی النظر میں انکے ساتھ پاکستان کی اس وقت کی حکومت کا نرم رویہ ہی پاکستان میں دہشت گردی کیلئے ان کے حوصلے مزید بلند کرنے کا باعث بنا جبکہ عمران خان کے اقتدار سے ہٹنے کے بعد پی ٹی آئی کے احتجاجی جلسوں، جلوسوں اور مظاہروں میں بھی افغان باشندوں کی شمولیت نوٹ کی جانے لگی۔

نیو کراچی ٹاؤن میں عالم پرائڈ کے اطراف تجاوزات کیخلاف بھرپور آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن میں تجاوزات کیخلاف بھرپور آپریشن کیا گیا تفصیلات کے مطابق میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد اور میونسپل کمشنر افضل زیدی کی ہدایت پر سینئر ڈائریکٹر لینڈ عمار احمد خان نے ایکشن لیا ڈپٹی ڈائریکٹر یونس خان، محمد اکرم نے اے سی نیو کراچی علاقہ پولیس اور عملے کے ہمراہ نیو کراچی ٹاؤن سیکٹر L-5 عالم پرائڈ کے اطراف تجاوزات کیخلاف بھرپور کاروائی کی اور ٹھیلے و پتھارے ہوٹلوں کی ٹیبل و کرسیاں ضبط کر کے کے ایم سی اسٹور میں جمع کرا دیں اور مین روڈ سروس روڈ اور فٹ پاتھوں کو کلیئر کر دیا گیا اس موقع پر دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنا سامان روڈ یا فٹ پاتھ پر نہ رکھیں ورنہ سامان کی ضبطگی کے ساتھ بھاری جرمانوں کا چالان بھی جاری کیا جائیگا علاوہ ازیں نیو کراچی ٹاؤن میں مسلسل تجاوزات کیخلاف کاروائیاں جاری ہیں۔

مزیدار کچوری
سموسہ رول پوائنٹ

FAN
ROOM COOLER
PRINCE ELEC

شوبز نیوز
تشکر

معروف اداکارہ مریم نفیس کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی معروف اداکارہ و ماڈل مریم نفیس اور ان کے شوہر امان احمد جلد والدین بننے والے ہیں۔ اداکارہ نے بذریعہ سوشل میڈیا اپنے چاہنے والوں کو خوش خبری سنا دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹا گرام پر اداکارہ نے مختلف تصاویر اور مختصر دورانیے کی ویڈیو شیئر کر کے اپنے یہاں ننھے مہمان کی آمد سے متعلق مداحوں کو آگاہ کیا ہے۔ اداکارہ نے انسٹا پوسٹ میں چند تصاویر شیئر کی ہیں جن میں انہیں اپنے شوہر اور فلم ساز امان احمد کے ساتھ ننھے مہمان کے پیلے جوتے اور الٹرا ساؤنڈ رپورٹ کے ہمراہ خوش گوار موڈ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے انسٹا پوسٹ کے کیپشن میں دعاؤں کی درخواست کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہم بہت جلد والدین بننے والے ہیں، ہمیں دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اداکارہ کی جانب سے یہ خوش خبری شیئر کیے جانے کے بعد شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے دوستوں اور مداحوں کی جانب سے اس جوڑے کو مبارک باد دی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ اداکارہ مریم نفیس نے فلم ساز امان احمد سے اکتوبر 2022ء میں شادی کی تھی، ان کے یہاں پہلے بچے کی آمد جلد متوقع ہے۔ خوبرو پاکستانی اداکارہ منال خان نے جلد شوبز میں واپسی کا عندیہ دے دیا۔ حال میں ہی میں اداکارہ منال خان زارا نور عباس کے پروگرام میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے بیٹے کی پیدائش سے لے کر شوبز میں واپسی تک کے بارے میں کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کے دوران شوبز میں واپسی سے متعلق بات کرتے ہوئے منال خان کا کہنا تھا کہ میں بھی خود سے یہ سوال کرتی ہوں کہ کیا میں ٹی وی پر واپسی کروں گی؟ اور ہمیشہ خود کو ہاں کہتی ہوں کیونکہ میں واقعی اسے حقیقت میں بدلنا چاہتی ہوں، ورنہ میں واپس نہیں آسکوں گی۔

ٹی ایم سیز کے ریٹائر ملازمین و پینشنرز کا کے ایم سی ہیڈ آفس کے سامنے دھرنا

ایم اے جناح روڈ پر بدترین ٹریفک جام، میئر کراچی افسران کے ہمراہ دفتر سے دھرنے کے شرکاء سے مذاکرات کیے بغیر روانہ احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ

جمعرات جمعہ اور پیر کو ٹاؤنز میں دو گھنٹے کی علامتی قلم چھوڑ ہڑتال کرنے، منگل کو کیایم سی ہیڈ آفس کے سامنے بھوک ہڑتال شروع کرنے کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے بلدیاتی اداروں کے ایم سی، ٹی ایم سیز کے ریٹائر ملازمین اور بیواؤں کے 2017 سے واجبات کی عدم ادائیگی، اکتوبر 2023 سے ٹی ایم سیز کے ریٹائر ملازمین کے پینشن کیسز کیایم سی میں جمع نہ ہونے سے ریٹائر ملازمین کے گھروں میں فاقہ کشی ہونے پر کیایم سی اور ٹی ایم سیز کے ملازمین کے نمائندہ یونینوں نے ایک مشترکہ الائنس کے تحت کیایم سی ہیڈ آفس کے سامنے سڑک ایم اے جناح روڈ پر مسلسل صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک دھرنا دیکر اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا۔ اس دوران پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری موجود رہی۔ ایم اے جناح روڈ پر بدترین ٹریفک جام رہی۔ پولیس اور رینجرز نے دھرنے کے لیڈران سے مزاکرات کیے۔ لیکن کے ایم سی انتظامیہ نے ملازمین کے نمائندوں سے مذاکرات نہیں کیے۔ اور میئر کراچی اپنے افسران کے ہمراہ دفتر کے پچھلے دروازے سے روانہ ہوگئے جس پر متفقہ طور پر احتجاج کو جاری رکھتے ہوئے جمعرات، جمعہ اور پیر کے ورکنگ ڈے کو ٹی ایم سیز کے صدر دفاتر میں دو گھنٹے کی علامتی قلم چھوڑ ہڑتال کرنے، عدالت سے رجوع کرنے، اور منگل 3 دسمبر کو کے ایم سی ہیڈ آفس کے صدر دفتر کے سامنے بھوک ہڑتالی کیمپ لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ جبکہ بقایا دو دروازوں کے باہر احتجاجی کیمپ لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ دھرنے میں آل کیایم سی ٹی ایم سیز ریٹائرڈ ایمپلائز و پینشنرز الائنس میں شامل یونینز و ایکشن کمیٹیز سجن یونین، متحدہ ورکرز فرنٹ، یونائیٹڈ ورکرز یونین کنیز فاطمہ گروپ، یونائیٹڈ ورکرز یونین فرید اعوان گروپ، پیپلز یونائیٹڈ ورکرز یونین ساوتھ، کے ایم ڈی جوائنٹ ایمپلائز ایکشن کمیٹی، کیایم ریٹائرڈ ایمپلائز ایکشن کمیٹی، لوکل گورنمنٹ ایجوکیشن ایمپلائز ایسوسی ایشن، ایمپلائز ایکشن کمیٹی ساؤتھ، سینئر ایمپلائز کمیٹی، اربن لیبر یونین، مسلم لیگ فنکشنل لیبر ونگ سمیت مختلف تنظیموں کے قائدین سید ذوالفقار شاہ، محمد کامران، محمد رفیق، گل اسلام، حبیب الرحمٰن اعوان، محمد الیاس خان جدون، نظام الدین، محمد، الیاس سندھو، نوید غوری، میڈم مذین، قمر احمد، راجہ عاصم شہزاد، ڈاکٹر سعید اختر، عمران علی، ریحان قاضی، محمد نذیر، ولی وارثی، پنھل مگسی، اکرام خان، چن زیب، ارشد اعوان، ولی محمد بلوچ، عبداللہ جان، غلام مصطفیٰ، نعیم جمال، آصف خان کے ساتھ ساتھ ٹی ایم سیز اور کے ایم سی کے سینکڑوں ریٹائر ملازمین و پینشنرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر مطالبات کے حق میں زبردست نعرے بازی بھی کی گئی۔ دھرنے کے شرکاء انتہائی پرامن رہے۔ انہوں نے ہاتھوں میں بینر و پلے کارڈ اٹھار کھے تھے۔ بعدازاں متفقہ فیصلے کے بعد دھرنا ختم کر کے احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کیا گیا۔ پیر کو یونینز رہنما اپنے اپنے ٹاونز میں دو گھنٹے کی قلم چھوڑ ہڑتال کرنے کے ساتھ ریٹائر ملازمین سے رابطے کیا جائیں گے۔ منگل 3 دسمبر کو کیایمسی ہیڈ آفس کے سامنے بھوک ہڑتالی کیمپ لگا کر بھوک ہڑتال شروع کی جائے گی جو مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گی۔

فوتگی کوٹہ پر فوری ملازمتیں دو
پنشن ادا کرو

قائد آباد پولیس نے منشیات فروخت کرنے والے مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا

کراچی (کرائم رپورٹر) قائد آباد پولیس نے منشیات فروخت کرنے والے مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے انٹیلی جنس بیسڈ کاروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو منشیات سمیت گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت ناصر خان ولد نادر خان کے نام سے ہوئی۔ گرفتار ملزم نے بتایا کہ وہ علاقے میں خفیہ جگہوں پر منشیات فروخت کرتا ہے گرفتار ملزم کے قبضے سے منشیات وزنی 1 کلو 20 گرام چرس اور زر فروختگی رقم برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

POLICE STATION
DISTRICT MALIR KARACHI.
POLICE

انتخاب احمد راجپوت خان کی ریٹائرمنٹ، واٹر کارپوریشن کیلئے ان کی خدمات کو یاد کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف انجینئر ای اینڈ ایم واٹر کارپوریشن انتخاب احمد راجپوت خان نے اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے پر اپنے عہدے سے ریٹائرمنٹ لے لی۔ اس موقع پر سی ای او واٹر کارپوریشن انجینئر سید صلاح الدین احمد اور سی او او انجینئر اسد اللہ خان نے اپنے ایک پیغام میں انتخاب احمد راجپوت کی خدمات کو سراہتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ انتخاب احمد راجپوت نے 33 سالہ کیریئر میں واٹر کارپوریشن کے افسران اور ملازمین کی بہتری کے لیے اہم کردار ادا کیا اور اپنے فرائض ایمانداری سے انجام دیے۔ ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کیونکہ انہوں نے مختلف منصوبوں پر محنت کی اور انہیں بروقت مکمل کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انتخاب احمد راجپوت نے واٹر کارپوریشن کے اعلی حکام، افسران اور ملازمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں دوران ملازمت افسران اور ماتحت عملے سے بھرپور تعاون حاصل رہا۔ ان کے مطابق، تمام افسران اور ملازمین کی اجتماعی حوصلہ افزائی اور ٹیم ورک نے نہ صرف انہیں آگے بڑھنے میں مدد دی، بلکہ ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی طاقت دی۔ انتخاب احمد راجپوت نے کہا کہ واٹر کارپوریشن کی بہتری کے لیے کی جانے والی مشترکہ کوششوں پر انہیں فخر ہے اور وہ ادارے کے بہتر مستقبل اور کامیابی کی دعائیں دیتے ہیں۔

سندھی زبان، اجرک اور سندھی ٹوپی سے وادیِ مہران کے باشندوں کی محبت ایک منفرد جذبہ ہے، فریال تالپور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی پی پی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر و رکنِ سندھ اسمبلی فریال تالپور نے یوم ثقافتِ سندھ پر پیغام میں کہا کہ سندھ کے عوام سمیت پوری پاکستانی قوم کو یوم ثقافتِ سندھ کی مبارکباد قبول ہو۔ فریال تالپور نے کہا کہ سندھ کی ثقافت لازوال ہے، جو تاریخ کی ایک عظیم تہذیب کا مظہر ہے۔ سندھی زبان، اجرک اور سندھی ٹوپی سے وادیِ مہران کے باشندوں کی محبت ایک منفرد جذبہ ہے۔ سندھ کی سرزمین ہمیشہ رواداری، امن اور بقائے باہمی کے اصولوں کا گہوارہ رہی ہے۔ سندھ کے صوفی بزرگوں کا پیغامِ امن و آشتی کو دنیا میں فروغ دینے اور ہمیں خود بھی اپنانے کی ضرورت ہے۔ پیپلز پارٹی ملک کی تمام ثقافتوں سے محبت و احترام کے اصولوں کے تحت انہیں تحفظ دینے و اجاگر کرنے میں یقین رکھتی ہے۔ آئیے، آج یہ عہد کریں کہ ہم سندھ کے بھائی چارگی، امن اور بقائے باہمی کے تاریخی اصولوں کو فروغ دیں گے۔

درد کی آڑ میں نشے کے 5 انجکشن کی تیاری کے خلاف کریک ڈاؤن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی اور حیدرآباد سمیت سندھ بھر کے تعلیمی اداروں اور نشے کے عادی افراد (ہیرونچیوں) کو منظّم انداز میں درد میں آرام کیلئے تیار کیے جانے والے انجکشن کو بطور نشہ استعمال کرنے کے لیے باآسانی فراہمی و فروخت کی روک تھام کے لیے بڑا ایکشن پلان تیار کر لیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ اے این ایف نے اس سے قبل بھی تعلیمی اداروں میں نشے کے لیے انجکشن کی فراہمی کے خلاف بڑا ایکشن لیا تھا۔ ان انجکشن میں پنٹاگوزو (PENTAZOGON)، میڈی پینٹا (MEDIPENTA)، ٹیلی جیسک (TELEGESIC)، بیوپری جیسک (BUPREGESIC)، وائیو جیسک (VIOGESIC) نامی انجکشن تعلیمی اداروں میں اور ہیرونچیوں میں باآسانی میسر ہیں۔ واضع رہے کہ مذکورہ انجکشن بغیر ڈاکٹری نسخے فروخت نہیں کیے جا سکتے۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ اداروں کا ایسے میڈیکل اسٹوروں کا خفیہ سروے جاری ہے جو بغیر ڈاکٹری نسخے طلباو طالبات میں اور ہیرونچیوں کو فروخت کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایسے میڈیکل اسٹوروں کے خلاف سخت کاروائی کا امکان ہے۔ دوسری جانب متعلقہ حکام ایسی دواء ساز کمپنیز کے فارمولے کا بھی طبی جائزہ لے رہے ہیں کہ درد میں سکون، کمی (آرام) کے لیے فارمولے میں ایسی کسی بھی چیز (مٹیریل) کا استعمال کیوں کیا جا رہا ہے جو نشے کا سبب بن رہا ہے اور مریضوں کے بجائے نشہ کے عادی افراد اور تعلیمی اداروں میں طلبہ و طالبات بطور نشہ استعمال کر رہے ہیں اور درد کی آڑ میں مذکورہ انجکشن نشے کا سبب بن رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایسی دواء ساز کمپنیز کے خلاف بھی کریک ڈاؤن متوقع ہے۔ اطلاعات کے مطابق معاشرے میں پھیلے ناسور کراچی، حیدرآباد سمیت سندھ بھر کے تعلیمی اداروں میں منظّم انداز میں درد کے انجکشن طلبہ و طالبات میں پھیلا رہے ہیں۔ اس صورتحال پر تعلیمی، ادبی، سماجی حلقوں اور والدین میں گہری تشویش پائی جاتی ہے۔ والدین و سماجی و تعلیمی حلقوں نے تعلیمی اداروں میں نشے کے لیے انجکشن کے استعمال کی روک تھام کے لیے موثر اور سخت قدم اٹھانے اور دواؤں میں ایسے مٹیریل کے استعمال کو روکنے کے لیے جس سے ادویات نشہ کے لیے سہولت کاری کی مرتکب ہوا ایسی دواء ساز کمپینیز کے خلاف بھی سخت ترین کریک ڈاؤن کا مطالبہ کیا ہے۔

یونیورسٹی روڈ پر پانی کی 84 انچ ڈایا مین لائن متاثر، واٹر کارپوریشن کا فوری اقدام، اوور فلو پر قابو پالیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) یونیورسٹی روڈ پر گزشتہ روز پانی کی 84 انچ ڈایا مین لائن متاثر ہوئی تھی اطلاع ملنے پر واٹر کارپوریشن حکام نے فوری طور پر پانی کے اوور فلو پر قابو پالیا تھا جس کے بعد یونیورسٹی روڈ کو کلیئر کر دیا گیا ہے حکام نے بتایا کہ 84 انچ کی مین لائن میں پانی کے شدید دبا کے باعث لائن کا عارضی طور پر مرمتی کام مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ لائن کے مستقل مرمتی کام کے لیے دھابیجی پمپنگ اسٹیشن سے شٹ ڈان لینا پڑے گا کیونکہ 84 انچ کی مین لائن کو پورا خالی کر کے اس کے اندر جا کر اس کا پورا معائنہ کرنا پڑے گا جس کے بعد لائن کا مستقل مرمتی کام شروع کیا جائے گا حکام کا مزید کہنا تھا کہ یونیورسٹی روڈ کی لائن کے مستقل مرمتی کام کے حوالے سے تیاریاں کی جا رہی ہے اور دھابیجی پمپنگ اسٹیشن سے شٹ ڈاؤن لینے کے لیے لائحہ عمل اور مشاورت کی جا رہی ہے۔

تمام اکائیوں کو ملک کی ترقی و خوشحالی اور عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، سربراہ سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ تعمیری اور ملکی ترقی پر مبنی سیاست کو فروغ دیا جائے، تمام اکائیوں کو ملک کی ترقی و خوشحالی اور عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، آئین کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں حکمران واپوزیشن طبقہ آئین و جمہوری اُصولوں پر سیاسی معاملات حل کریں، عوام کو ان کے بنیادی حقوق دلانا تمام مذہبی وسیاسی جماعتوں کی اخلاقی، قومی وملی ذمہ داری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز اہلسنت سے جاری ایک بیان میں کیا، شاداب رضا نقشبندی کا کہنا تھا کہ عوام کا معاشی استحصال کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، حکمرانوں کی منفی پالیسیوں کی وجہ سے غربت کی سطح میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے، حکومت کے عوام دشمن منفی فیصلوں پر خاموش نہیں رہینگے، عوام کے مسائل کے حل کیلئے عوام کے ساتھ کھڑے ہونگے، انہوں کا کہنا تھا کہ حکمرانوں کی کارکردگی سے لگتا ہے وہ عوام کو ریلیف نہیں دینا چاہتے اور نہ ہی ان کے پاس غربت اور مہنگائی ختم کرنے کا فارمولا ہے، معاشی منفی پالیسیوں اور حکمرانوں نے مہنگائی کا طوفان کھڑا کر دیا، روزمرہ کی اشیاء غریب کی قوت خرید سے دور کر دی گئی اور سب اچھا ہے کی بانسری بجائی جا رہی ہے۔

جوہر آباد کی حدود میں پولیس کا اسٹریٹ کرمنلز کے ساتھ مقابلہ، ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) جوہر آباد کی حدود میں پولیس کا اسٹریٹ کرمنلز کے ساتھ مقابلہ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس مقابلہ نزد مرکز اسلامی مین شاہراہ پاکستان حدود تھانہ جوہر آباد میں ہوا۔ دوطرفہ فائرنگ کے نتیجے میں 1 اسٹریٹ کرمنل زخمی حالت جبکہ 2 ساتھی اسٹریٹ کرمنل فرار، گرفتار زخمی ملزم کی شناخت عبدالقادر ولد سردار خان کے نام سے ہوئی جبکہ فراری ملزمان کی شناخت معلوم کی جا رہی ہے۔ گرفتار ملزم سے ایک ضرب 9mm پستول بمعہ 05 راؤنڈ لوڈ میگزین، چھینا ہوا موبائل فون برآمد ہوا زخمی ملزم کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ فراری ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی، گرفتار و فراری ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے ملزم کا سابقہ کریمنل ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے۔

[redacted]

گورنر سندھ کا 8 خوارج دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے بنوں میں آپریشن میں 8 خوارج جہنم واصل اور 9 زخمی کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کیا ہے، گورنر سندھ نے قوم کے قابل فخر بیٹے کیپٹن محمد ذوہیب اور سپاہی افتخار حسین کی شہادت پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ۔ گورنر سندھ نے کہا کہ شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر، ان کی قربانیوں پر پوری قوم انہیں سلام پیش کرتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ ملک بھر سے دہشتگردوں کے خاتمہ کے لئے سیکیورٹی فورسز کی شب و روز محنت اور قربانیاں لائق تحسین ہیں، شہادتیں ہمارے عزم مصمم کو مزید پختہ بناتی ہیں، عزم یقین سے وطن عزیز کو اس دہشتگردی کے ناسور سے چھٹکارا دلائیں گے۔ ادھر یوم ثقافت سندھ پر گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے سندھ کلچرل ڈے پر پیغام دیتے ہوئے کہا کہ صوبہ کی عوام کو مبارک باد اور اپنی جانب سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کلچرل ڈے کی سب سے خوبصورتی سندھی اجرک اور ٹوپی کی بہار ہے، اس روز صوبہ کے عوام اپنے کلچر سے اظہار محبت کرنے کے لیے صوبہ کی ثقافت سے مزین سندھی ٹوپی اور اجرک پہنتے ہیں۔ کامران خان ٹیسوری نے اپنے پیغام میں یہ بھی کہا کہ سندھ کی ثقافت بہت ہی قدیم تاریخی اہمیت کی حامل ہے جو ہزاروں سالوں کی تاریخ اور روایات پر مبنی ہے، ہم صوبہ کی ثقافتی اقدار، روایات، اور زبان کو تحفظ دینے اور فروغ دینے کا عہد کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ صوبہ سندھ کی ثقافت کو فروغ دینے اور اسے دنیا بھر میں پھیلانے کا آج عہد کرتے ہیں، ایک بار پھر صوبہ کے عوام کو سندھ کلچر ڈے بہت بہت مبارک ہو۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے قومی بلائنڈ ٹیم کو بلائنڈ ٹی 20 ورلڈ کپ سیمی فائنل میں شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نیپال کے خلاف 10 وکٹوں سے کامیابی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، گورنر سندھ نے ہوئے کہا کہ بلائنڈ ٹی 20 ورلڈ کپ میں فتح قوم کے لیے باعث فخر ہے۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں سندھ ثقافتی دن کی تقریب کا انعقاد

کراچی (کرائم رپورٹر) سندھ کلچر ڈے کی مناسبت سے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سندھ پولیس کے اعلی افسران، سی پی او اسٹاف، مہمانان گرامی اور میڈیا برادری نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے کہا کہ گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی سندھ کلچر ڈے منانا سندھ پولیس کے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی ثقافت کا چہرہ امن، برداشت اور مہمان نوازی ہے اور یہی وہ خصوصیات ہیں جو سندھ دھرتی کی پہچان ہیں۔ آئی جی سندھ نے مزید کہا کہ سندھ کی پانچ ہزار سالہ ثقافت نے ہمیشہ امن اور برداشت کو فروغ دیا ہے، اور یہ سرزمین نے نہ صرف اپنے عوام بلکہ دوسرے صوبوں اور ممالک کے لوگوں کو بھی پناہ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کلچر ڈے منانے کا مقصد اپنی ثقافت اور آبا اجداد کی یاد کو تازہ کرنا ہے اور ان خصوصیات کو اجاگر کرنا ہے جو ہماری مشترکہ پہچان ہیں۔ غلام نبی میمن نے اس بات پر زور دیا کہ امن وامان کے حالات پر کنٹرول اور استحکام دینا پولیس کی اہم ذمہ داری ہے، اور اس کے لیے تمام پولیس افسران کو امن، برداشت، مہمان نوازی اور شائستہ اخلاق کے اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ امن دشمن ہمیشہ امن وامان کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اور اس کے مقابلے میں ہمیں اپنی ثقافت کی بنیاد پر ان کے خلاف مضبوطی سے کھڑا ہونا ہوگا۔ آئی جی سندھ نے مزید کہا کہ تھانہ کلچر میں عوامی شکایات اور سائلین کی دادرسی نہ کرنے کا مسئلہ ہمیشہ رہا ہے، اور اس حوالے سے پولیس کو سائلین سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہمان نوازی اور برداشت جیسے رویوں کو تھانوں کی سطح پر بھی یقینی بنانا ہوگا۔ آئی جی سندھ نے تعلیم کی اہمیت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے بغیر اچھا عمل یا کوئی مثبت تبدیلی ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی ثقافت کو برقرار رکھنے اور پائیدار بنانے کے لیے تعلیم کی اشد ضرورت ہے اور اس کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ تقریب میں سی پی ایل سی چیف ذبیر حبیب، ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جیز ٹریفک، ہیڈکواٹرز، کرائم اینڈ انوسٹیگیشنز اور آئی ٹی نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

CENTRAL POLICE OFF



اے وی ایل سی کا ایک اور پولیس مقابلہ، خاتون سمیت 2 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) اے وی ایل سی کا ایک اور پولیس مقابلہ گذشتہ روز اے وی ایل سی کورنگی کی پولیس پارٹی پر حملہ کا مفرور ملزم زخمی حالت میں خاتون ملزمہ سمیت گرفتار۔ تھانہ عزیز آباد کی سرقہ شدہ موٹر سائیکل، دو کلو چرس اور اسلحہ برآمد۔ واضح رہے کہ گرفتار شدہ زخمی ملزم گذشتہ روز کورنگی میں پولیس پارٹی پر حملہ کے بعد فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا تھا پولیس مقابلہ ناتھا خان پل کے نیچے علاقہ تھانہ شاہراہ فیصل کی حدود میں پیش آیا۔ ابتدائی تفتیش میں گرفتار زخمی ملزم کا نام اویس اور خاتون ملزمہ کا نام شگفتہ معلوم ہوا ہے۔ گرفتار ملزم عادی جرائم پیشہ اور سال 2022 سے وارداتوں میں ملوث ہے اور اس سے قبل اے وی ایل سی کے ہاتھوں چار بار گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے جس کا سابقہ ریکارڈ موجود ہے۔۔ برآمد شدہ موٹر سائیکل نمبر KOJ-9514 سپر اسٹار 70 علاقہ تھانہ عزیز آباد کے مقدمہ الزام نمبر 2024/661 میں مطلوب ہے۔ ملزمان کے خلاف برآمدہ منشیات، اسلحہ و پولیس مقابلہ کے مقدمات تھانہ شاہراہ فیصل میں درج کئے جا رہے ہیں۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

کیماڑی تھانہ جیکسن پولیس کی منشیات مافیا کے خلاف کاروائیاں، 3 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی تھانہ جیکسن پولیس کی منشیات مافیا کے خلاف کاروائیاں۔ منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے تین کلو سے زائد منشیات برآمد کر لی گئی۔ کیپٹن (ر) فیضان علی، ایس ایس پی کیماڑی۔ پہلی کاروائی میں سلمان نامی ملزم کو گرفتار کر کے 1030 گرام چرس برآمد کی گئی۔ جبکہ دوسری کاروائی میں امیر حمزہ اور ساجد رحمان نامی دو ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے بوقت گرفتاری 2320 گرام چرس برآمد ہوئی۔ ملزمان کو ایس ایچ او تھانہ جیکسن سب انسپکٹر محمد مٹھل شر کی سربراہی میں پولیس پارٹی نے کاروائیاں کرتے ہوئے گرفتار کیا۔ گرفتار ملزم امیر حمزہ تھانہ جیکسن کے مقدمہ 357/24 بجرم دفعہ 6/9(1)3B میں مطلوب بھی تھا۔ جبکہ ملزم ساجد رحمان اس سے قبل بھی درج ذیل 5 مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

کے دوران 8 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے اور 11 کو زخمی کر کے حراست میں لینے کی کارروائیوں کی بھرپور تعریف کی۔ وزیراعظم نے سیکیورٹی فورسز کے افسران اور اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کے دوران اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر وطن کی خدمت کی۔ ہمیں ان کی قربانیوں پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے کیپٹن محمد ذوہیب الدین اور سپاہی افتخار حسین کو شہادت کے بعد خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ کیپٹن محمد ذوہیب اور سپاہی افتخار حسین نے وطن کی خاطر اپنی جان دی، ان کی قربانیاں تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں اور ہم ان کی عظمت کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پاکستان کی حکومت اور قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں گی اور دہشت گردوں کے ملک دشمن عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، ہم اپنی فوج کی حمایت میں پوری قوم کے ساتھ ہیں۔ وزیراعظم نے پاک فوج کے جوانوں کی بہادری اور ایثار کے جذبے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے بہادر افسران اور جوانوں کے اہل خانہ قوم کے لیے فخر کا باعث ہیں۔ ان کی قربانیاں کبھی بھی ضائع نہیں جائیں گی۔ انہوں نے آخر میں پاک فوج کے شہدا کے بلند درجات اور اہل خانہ کے لیے صبر کی دعا بھی کی اور کہا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک کی حفاظت میں اپنی جانیں قربان کررہی ہیں اور ہم ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

میں اسرائیلی فوج نے ایک امریکی این جی او کی گاڑی پر بمباری کی جس میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ غزہ پر 7 اکتوبر سے جاری بمباری میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 44 ہزار 400 سے زائد ہوگئی جب کہ زخمیوں کی تعداد ایک لاکھ 5 ہزار سے تجاوز کرگئی۔ اسرائیلی جارحیت میں شہید اور زخمی ہونے والوں میں نصف تعداد خواتین اور بچوں کی ہے جب کہ 10 لاکھ سے زائد افراد بے گھر ہوگئے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وی پی این کی رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ نہ ہوسکا تاہم ڈیڈ لائن ختم ہونے کے باوجود غیر رجسٹرڈ وی پی اینز کو فوری طور پر بند نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے پی ٹی اے ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈیڈ لائن گزرنے کے باوجود وی پی اینز کی رجسٹریشن جاری رہے گی، غیر رجسٹرڈ وی پی اینز کے حوالے سے آئندہ ہفتے فیصلہ متوقع ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے تحریری ہدایات ملنے کے بعد فیصلہ ہوگا، پی ٹی اے کو غیر رجسٹرڈ وی پی اینز کے حوالے سے وزارت داخلہ کی ہدایات کا انتظار ہے۔ واضح رہے کہ پی ٹی اے نے وی پی اینز کی رجسٹریشن کے لیے 30 نومبر کی ڈیڈ لائن مقرر کی تھی جبکہ آئی ٹی انڈسٹری، فری لانسرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے تاریخ میں توسیع کا مطالبہ کررکھا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

خلاف لڑتے ہوئے اپنی جان کا عظیم نذرانہ پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہید کیپٹن محمد زوہیب نے 3 سال سے زائد عرصے تک پاک فوج میں دفاع وطن کے فرائض سر انجام دیئے، انہوں نے سوگواران میں والدین چھوڑے ہیں۔ پاک فوج کے بہادر 29 سالہ سپاہی شہید افتخار حسین کا تعلق ضلع جھنگ سے تھے، شہید نے 8 سال تک پاک فوج میں دفاع وطن کی خدمات انجام دیں۔ سپاہی افتخار حسین شہید نے سوگواران میں اہلیہ 1 بیٹا اور 1 بیٹی چھوڑے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

نقطہ نظر پیش کرے گی۔ یہ تربیت ملکی دفاع کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ باہمی نظم وضبط اور مستقبل کی جنگی ضروریات میں قیادت کو یقینی بنائے گی۔ کسی بھی جنگ میں بری، بحری اور فضائی افواج کا باہمی ربط اور تعاون فتح کو یقینی بناتا ہے۔ مشترکہ تربیت مسلح افواج میں پیشہ ورانہ یکسانیت، قیادت، جرات اور اتحاد عمل پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوگی، پاکستان کی مسلح افواج پیشہ ورانہ مہارت، جرات، نظم وضبط اور بااعتماد قیادت کے باعث مایہ ناز تنظیمیں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

تھا اور اپنے ساتھ مسلح جتھہ لایا تھا۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے پی ٹی آئی کے حالیہ احتجاج کے حوالے سے اسلام آباد میں ایک نیوز کانفرنس میں انہوں نے الزام عائد کیا کہ پی ٹی آئی کی قیادت نے احتجاج کی ناکامی کو چھپانے کے لیے لاشوں کی سیاست کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا جب پی ٹی آئی کا احتجاج ناکام ہوگیا، تو شرمندگی چھپانے کے لیے لاشوں کی سیاست کی گئی۔ اگر پی ٹی آئی کو کسی قسم کی امداد کا اعلان کرنا تھا تو انہیں کرم کے شہدا کے لیے اعلان کرنا چاہیے تھا، نہ کہ سیاسی فائدے کے لیے۔ انہوں نے کہا کہ مراد سعید تربیت یافتہ مسلح افراد کے ہمراہ وزیراعلی کے پی ہاس میں روپوش ہے، آپ کیا چاہتے ہیں کہ وفاق کے پی ہاس میں کارروائی کرے، گرفتاری کے لیے وزیراعلی ہاس پر چھاپہ مارنا اچھا نہیں لگتا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پولی کلینک اور پمز کا بیان آ گیا ہے کہ شیلنگ سے کسی کی موت نہیں ہوئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

تھا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ واضح رہے کہ پاک فوج کا اس تشدد ہجوم سے براہ راست کوئی ٹکرا نہیں ہوا اور نہ ہی وہ controlRiot پر تعینات تھی۔ منتشر کرنے کے عمل کے دوران قیادت کے ہمراہ مسلح گارڈز اور مظاہرین کے مسلح شر پسندوں نے اندھا دھند فائرنگ کی۔ ان خود ساختہ پر تشدد حالات میں پی ٹی آئی قیادت نے صورتحال سنبھالنے کے بجائے راہ فرار اختیار کیا۔ پولیس اور رینجرز نے اس پر تشدد ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے Live Ammunition کا استعمال نہیں کیا۔ مظاہرین کے علاقے سے فرار کے فوری بعد وفاقی وزرائے داخلہ اور اطلاعات نے متاثرہ علاقے کا دورہ بھی کیا اور پریس ٹاک کی۔ پی ٹی آئی نے سوشل میڈیا پر ایک منظم پراپیگنڈہ شروع کر دیا ہے۔ پراپیگنڈہ میں مبینہ ہلاکتوں کی ذمہ داری قانون نافذ کرنے والے اداروں پر ڈالنے کی مذموم کوشش کی جا رہی ہے۔ وزارتِ داخلہ کا کہنا تھا کہ وفاقی دارالحکومت کے بڑے اسپتالوں کی انتظامیہ نے ہلاکتوں کی رپورٹ کی تردید بھی کی۔ من گھڑت سوشل میڈیا مہم کے دوران پرانے اور AI سے تیار کردہ جھوٹے کلپس کا استعمال بھی کیا جا رہا ہے۔ بد قسمتی سے غیر ملکی میڈیا کے بعض عناصر بھی اس پروپیگنڈہ کا شکار ہوگئے ہیں اعلامیے کے مطابق پولیس آفیشلز اور کمشنر اسلام آباد نے بار بار مصدقہ ثبوت کے ساتھ اصل صورتحال کی وضاحت کی۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر پاکستانی شہریوں کی حفاظت کی۔ پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا مہم پاکستان میں انتشار بدامنی اور تفرقہ بازی کو فروغ دے رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

اچانک حملہ کیا تاہم پنجاب پولیس میانوالی نے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنادیا اور 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ بیان میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا سے متصل پنجاب کی بین الصوبائی سرحد پر عیسی خیل سرکل کے تھانہ چاپری پر دہشت گرد حملہ آور ہوئے، 20 سے زائد خوارجی دہشت گردوں نے بھاری اسلحے کے ساتھ تھانہ پر اچانک حملہ کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کا کہنا تھا کہ پولیس اور خوارجی دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، دہشت گردوں نے تھانہ کی عمارت پر راکٹ لانچرز برسائے اور ہینڈ گرنیڈز بھی پھینکے تاہم تھانہ چاپری کا تمام عملہ محفوظ رہا۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں کے حملے میں دو پولیس اہلکار معمولی زخمی ہوگئے ہیں اور پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو خوارجی دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ دوسری جانب خیبر پختون خوا کے شہر لکی مروت میں تھانہ پیزو پر دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں اہلکار کرامت اللہ شہید ہو گئے۔ پولیس کے مطابق پولیس کی جوابی فائرنگ کرنے پر دہشت گرد فرار ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ دہشت گردوں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز لکی مروت میں پہاڑخیل پکہ میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے سب انسپکٹر پنجاب پولیس عبدالقدیر سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے تھے۔ پولیس کے مطابق شہید پولیس اہلکار چھٹی پر گھر آیا ہوا تھا جو اس دہشت گردی کا شکار بن گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

ہیں، سی ٹی ڈی مستحکم ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پراسیکوشن ڈپارٹمنٹ کام کررہا ہے ان کو سلام پیش کرتا ہوں، پراسیکوشن میں مزید لوگوں کو لا رہے ہیں۔ سی ٹی ڈی میں زیر حراست ملزمان کے لئے خصوصی سیل تیار کیے ہیں، زیر حراست ملزمان کی اصلاح بہت ضروری ہے، کل مزید ایک بلین سی ٹی ڈی کو دے رہا ہوں۔ علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ 20 بم پروف گاڑیوں کی خریداری کر رہے ہیں، سی ٹی ڈی اہلکاروں کی 300 کٹس کے لئے کل فنڈ زدیں گے، 16 اسنائپرز اور ڈرونز کے لئے بھی فنڈز دے رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بہادری کو سراہا۔ انہوں نے شہید کیپٹن زوہیب الدین اور شہید سپاہی افتخار حسین کو خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ ملکی سلامتی کی خاطر شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پوری قوم جام شہادت نوش کرنے والے جوانوں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرے گی۔ صدر مملکت نے دہشتگردی کی عفریت کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

بھی کیا گیا تھا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سنجانی کے مقام عمران خان بھی دھرنے کے لیے تیار تھے لیکن بشری بی بی نے عمران خان کی ہدایات پر ڈی چوک جانے کا فیصلہ کیا، احتجاج کے دوران حکومت کی جانب سے کارروائی کے بعد بشری بی بی کو وہاں سے محفوظ مقام پر منتقل کرنے کا فیصلہ بھی وزیراعلی کا تھا۔ اس حوالے سے وزیراعلی علی امین خود بھی کہہ چکے ہیں بشری بی بی کو محفوظ مقام پر منتقل اس لیے کیا گیا کہ بشری بی بی عمران خان کی عزت ہیں اس لیے انھیں تحفظ دیا گیا۔ تحریک انصاف اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان پہلے سے زیادہ فاصلے بڑھ گئے ہیں اگر دوبارہ بھی کوشش کی جاتی ہے اس میں لمبا عرصہ لگ سکتا ہے۔ تحریک انصاف نے اسلام آباد میں دوبارہ احتجاج کا فیصلہ کچھ عرصے کے لیے مؤخر کر دیا جبکہ ارکان اسمبلی نے وزیراعلی کو دوبارہ احتجاج کے لیے تعاون کی یقین دہانی کرا دی ہے۔ دوسری جانب، گزشتہ روز پی ٹی آئی کے سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے 7 دسمبر کو دوبارہ احتجاج کی کال سے متعلق تردید کی ہے۔ دوسری جانب بانی پی ٹی آئی سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں کو غلط قرار دے دیا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی اڈیالہ جیل میں ہی ہیں اور ان کی صحت بالکل ٹھیک ہے، ان کی اڈیالہ جیل سے منتقلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی معمول کے مطابق اپنے سیل میں موجود ہیں، ان کے سیل کو تھانہ نیوٹان کا حصہ قرار دیا گیا ہے، بانی پی ٹی آئی 2 دسمبر تک تھانہ نیوٹان پولیس کی تحویل میں جسمانی ریمانڈ پر ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

کے دوران چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کے حوالے سے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جب کہ پاکستان اور یو اے ای میں کرکٹ کے فروغ کے لئے مزید اقدامات پر گفتگو کی گئی۔ اس دوران چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے حوالے سے بھی بات چیت کی اور اسٹیڈیمز کی اپ گریڈیشن پراجیکٹس پر پیش رفت کے بارے میں بھی بتایا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے پوری طرح تیار ہے، پاکستان پرامن ملک ہے اور پاکستانی قوم کرکٹ کے کھیل سے محبت کرتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

3 روپے 29 پیسے فی لیٹر اضافے کے بعد نئی قیمت 258 روپے 43 پیسے فی لیٹر ہوگئی۔ اعلامیہ کے مطابق مٹی کے تیل کی قیمت میں 62 پیسے فی لیٹر کمی کر دی گئی ہے۔ نئی قیمت 164 روپے 98 پیسے فی لیٹر مقرر کر دی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

امتحانات میں ہزاروں طلبہ کو غیر حاضر ظاہر کرنا ثانوی تعلیمی بورڈ میں بدانتظامی کو عیاں کرتا ہے، ترجمان نے مطالبہ کیا کہ سندھ حکومت طلبہ کے مستقبل سے کھیلنے سے باز رہے محکمہ بورڈز اینڈ یونیورسٹیز اقربا پروری اور بدانتظامی کا سلسلہ بند کرے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر ملا ہے۔ پولیس کے مطابق اسلامیہ کالونی میں نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر ملا ہے، خاتون کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس نے کہا کہ مقتولہ خاتون کے دھڑ کی بھی تلاش جاری ہے، مقتولہ کی شناخت کی کوشش کر رہے ہیں۔ ضلع ویسٹ کے تھانے میں کسی خاتون کی گمشدگی کی بھی کوئی رپورٹ درج نہیں ہوئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جس نالے سے خاتون کا کٹا ہوا سر ملا ہے اس کے اطراف شواہد جمع کر رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

تعینات کر دیا گیا جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری ہو گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فتح محمد قریشی کو 3 سال کیلیے ڈائریکٹر نیب تعینات کیا گیا ہے۔ گریڈ 19 کی نفیسہ حامد کو ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب تعینات کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ نفیسہ حامد کی تعیناتی بھی 3 سال کی مدت کے لیے کی گئی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے دونوں تعیناتیوں کے نوٹیفکیشن جاری کر دیے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 130 ہوگئی ہے جبکہ 186 افراد زخمی ہیں۔ کشیدگی کے باعث پشاور پاڑاچنار مرکزی شاہراہ سمیت آمد ورفت کے راستے بند ہیں۔ ضلع کرم کی مرکزی شاہراہ اور پاک افغان خرلاچی بارڈر پر بھی آمد ورفت بند ہے۔ شاہراہوں کی بندش سے تیل، اشیائے خورونوش اور ادویات کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر جاوید اللہ محسود کے مطابق لوئر کرم کے مختلف مقامات پر پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے دستے تعینات ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ باقی علاقوں میں بھی آج فائر بندی کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ گورنر خیبرپختونخوا جرگہ کے ہمراہ کوہاٹ پہنچ گئے جہاں وہ صوبے کی سیاسی اور قبائلی قیادت کے ہمراہ جرگہ کرینگے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

وارداتوں کو روکنے کے لیے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سندھ پولیس اور سی پی ایل سی صوبائی سطح پر ایک ڈیٹا بینک قائم کریں گے، جس میں چوری، گمشدہ اور چھینی گئی گاڑیوں کا ڈیٹا اور ملوث ملزمان کی معلومات شامل ہوں گی۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی طے پایا کہ تمام متعلقہ ادارے وہیکل لفٹنگ اور ملزمان کے ڈیٹا کو ایک مشترکہ ایپلیکیشن میں جمع کریں گے، جس سے تحقیقات میں آسانی اور کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ آئی جی سندھ نے اس بات پر زور دیا کہ چوری کے سامان کی خریداری کرنے والوں کے خلاف کارروائی مزید سخت کی جائے، اور اس حوالے سے مختلف اسکریپ ڈیلرز کے خلاف اقدامات کو تیز کیا جائے۔ ڈی آئی جی اسپیشل برانچ کی بریفنگ میں بتایا گیا کہ یکم جنوری سے اب تک 912 اسکریپ ڈیلرز کے خلاف کارروائیاں کی گئی ہیں، جن میں 74 ملزمان گرفتار اور 67 ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ سی پی ایل سی چیف ذبیر حبیب نے بتایا کہ گزشتہ سال کی نسبت اس سال جرائم میں واضح کمی دیکھنے کو ملی ہے، اور اس کا کریڈٹ سندھ پولیس کی مؤثر پولیسنگ کو دیا ہے۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی نے کہا کہ پولیس اور سی پی ایل سی کے جرائم سے متعلق ڈیٹا ایک جیسا اور مستند ہے، اور اداروں، یونٹس اور اضلاع کے مابین مضبوط روابط جرائم کی روک تھام کی کنجی ہیں۔ آئی جی سندھ نے ہدایت دی کہ ایس ایچ او چوری و چھینی گئی گاڑیوں کی ایف آئی آرز اور متعلقہ ڈیٹا کو ایپلیکیشن میں درج کریں، تاکہ جرائم میں ملوث ملزمان کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جا سکے۔ مزید برآں، آئی جی سندھ نے شعبہ آئی ٹی کو ہدایت دی کہ وہ ایک جدید ایپلیکیشن تیار کرے جس کی مدد سے جرائم، اس کے طریقہ کار اور اس میں ملوث ملزمان کی "ہسٹری" تشکیل دی جا سکے۔ یہ اقدامات پولیس کی کارکردگی کو بہتر بنائیں گے اور جرائم کی روک تھام میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

تکلیف دہ ہے۔ وزیراعلی کا کہنا تھا کہ اس بیماری کے خلاف جنگ ہم سب کی ذمہ داری ہے، صحت مند معاشرہ ہم سب کیلیے ضروری ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ لوگوں میں اس کے متعلق معلوماتی مہم کا چلانا ضروری ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ سندھ حکومت نے ایڈز کے تدارک کیلیے باقاعدہ اقدامات کیے ہیں۔ علاج، دیکھ بھال اور بہتر سپورٹ سے ہم لوگوں کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔ وزیراعلی سندھ نے کہا آئیں! زندگی کی قدر کریں اور زندگی بچائیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

انجام دی، انجینئر مہوش کی غیر متزلزل لگن، محنت اور جذبے نے مثال قائم کی۔ انہوں نے گزشتہ روز اسلام آباد سے سکھر کی کامیاب فلائٹ مکمل کی۔ واضح رہے کہ مہوش انور 2013 سے انجینئر ہیں جبکہ 2023 میں اتھرزیشن حاصل کرچکی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

اجاگر کرنے کا دن جوش وخروش سے منایا گیا۔ سندھ کے یوم ثقافت کے موقع پر صوبے کے مختلف شہروں میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں شرکا سندھی ثقافت کو اجاگر کرنے کے لیے سندھی ٹوپی اور اجرک پہنے شرکت کی۔ ہر سال دسمبر کے پہلے اتوار کو منائے جانے والے سندھی یوم ثقافت کو سندھ کے باسی عید کے تہوار کی طرح مناتے ہیں، اس سلسلے میں آج بھی ہر کوئی سندھ کے روایتی رنگوں میں رنگا ہوا ہے۔ سندھی ٹوپی اور اجرک زیب تن کیے سندھ کی ثقافت کو اجاگر کرنے کے ساتھ اس دن کو بھرپور انداز سے منایا جارہا ہے، مختلف تقریبات میں سندھی ثقافتی ٹیبلو پیش کر کے یا علاقائی گیتوں پر والہانہ جھوم کر اپنی ثقافت سے محبت کا اظہار کررہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

کامران اختر نے 21 گیندوں پر 63 اور بابر علی نے 14 گیندوں پر 32 رنز اسکور کیے۔ پاکستان نے نیپال کیخلاف ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تھا، نیپال نے پاکستان کیخلاف 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 94 رنز بنائے۔ نیپال کی جانب سے دروگا نے 42 بالز پر 40 رنز بنائے رامیض نے 30 بالز پر 17 رنز ناٹ ٹ اسکور کیئے۔ اس سے قبل گروپ کے اختتامی میچز میں گرین شرٹس نے افغانستان کو 7 وکٹ سے مات دے کر مسلسل پانچویں فتح اپنے نام کی تھی جبکہ بنگلا دیش نے جنوبی افریقا کو 10 وکٹ سے آوٹ کلاس کردیا۔ دوسرا سیمی فائنل بنگلا دیش اور سری لنکا کے درمیان دوپہر ایک بجے شیڈول ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

نامی نوجوان دکاندار کو قتل کردیا۔ کراچی میں رواں سال ڈکیتی مزاحمت پر قتل ہونیوالے افراد کی تعداد 104 ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق جمشید کوارٹرتھانے کی حدود میں اسلامیہ کالج کے سامنے ٹائر شاپ کی دکانوں پر چار سے پانچ مسلح ملزمان نے لوٹ مار کی کوشش کی تو حسن نامی نوجوان اپنی دکان سے باہر نکلا جس پر مسلح ملزمان نے حسن کے سینے پر گولی ماردی اور موقع سے فرار ہوگئے، حسن کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ جاں بحق ہوگیا۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ اسلامیہ کالج کے قریب سے ایک ریلی گزر رہی تھی جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے چار سے پانچ مسلح ملزمان نشے میں دھت ہوکر دکانداروں سے لوٹ مار کر رہے تھے، تین سے چار شہریوں سے لوٹ مار کی تو حسن نامی نوجوان جس کی دکان بھی اسی لائن میں ہے، اس نے ڈاکوں کے دیکھتے ہی اپنا قیمتی سامان دور پھینک دیا اور پھر اٹھانے کی کوشش کی تو مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے حسن کو قتل کر دیا۔ ایس ایس پی ایسٹ فرخ رضا کا کہنا ہے کہ حسن نامی نوجوان گلستان جوہر کا رہائشی ہے جس کی دکان جمشید کوارٹر تھانے کی حدود میں واقع ہے، مسلح ملزمان نے چھینا جھپٹی پر مزاحمت کرنے پر حسن کو قتل کیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا ہے اور اطراف کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کی جارہی ہے تاکہ ملزمان کی شناخت ہوسکے اور جلد از جلد گرفتاری ممکن ہوسکے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

کا کہنا ہے کہ مسلح ڈاکوؤں نے فرار ہوتے ہوئے پولیس پر فائرنگ کی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ملزم نور ولی عرف کوچیکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ ملزمان ڈیفنس خیابان ساحل جانے والے شہریوں سے ڈکیتی کی واردات کرنے کی نیت سے کھڑے تھے زخمی ملزم سے غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

ہوئے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ملزم محمد ہارون کو عبداللہ شاہ غازی کے مزار کے قریب سے گرفتار کیا گیا، ملزم حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ چھاپے کے دوران ملزم کے قبضے سے 4000 امریکی ڈالر برآمد ہوا، ملزم کے موبائل فون سے حوالہ ہنڈی سے متعلق ریکارڈ بھی برآمد ہوا ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم کا تعلق گجرات سے ہے، ملزم گجرات سے کرنسی فروخت کرنے آیا تھا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ملزم بغیر لائسنس کرنسی ایکسچینج میں ملوث ہے، جس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، ملزم برآمد ہونے والی کرنسی کے حوالے سے حکام کو مطمئن نہ کرسکا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

مسلم کھتری اسپتال کے قریب فائرنگ کے واقعہ میں ایک شخص زخمی ہوگیا جسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال لیجایا گیا جہاں اس کی شناخت 45 سالہ شکیل کے نام سے کی گئی جسے ٹانگ پر گولی لگی تھی۔ ریسکیو حکام کے مطابق مضروب نے بتایا ہے کہ وہ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہوا ہے۔ تاہم، پولیس اس حوالے سے مزید معلومات حاصل کر رہی ہے۔ دریں اثنا سہراب گوٹھ کے علاقے چھوٹا گبول گوٹھ میں فائرنگ سے 46 سالہ شرف الدین نامی شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پیش آیا ہے جبکہ فائرنگ کی وجہ کا تعین کیا جارہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

نوٹ اور ویڈیوز اپ لوڈنگ اور ڈان لوڈنگ میں مشکلات کا سامنا ہے، صارفین وی پی اینز کے ذریعے سوشل میڈیا ایپلی کیشنز استعمال کرنے پر مجبور ہیں، متعدد شہروں میں وی پی این کے ذریعے بھی صارفین کو سوشل میڈیا سروس تک رسائی مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فائر وال ٹیسٹنگ کے دوسرے مرحلے کی وجہ سے انٹرنیٹ سروس متاثر ہوئی ہے جبکہ رابطہ کرنے کے باوجود پی ٹی اے حکام سست انٹرنیٹ پر مقف دینے سے گریز کر رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

چیئرمین بلاول بھٹو نے یوم ثقافت سندھ پر پیغام دیتے ہوئے کہا کہ یہ دن وادیٔ مہران کی بھرپور ثقافتی ورثہ، شاندار روایات اور لازوال اقدار کا مظہر ہے، یوم ثقافت سندھ کے لازوال لیگیسی، ہم آہنگی، رواداری اور شمولیت کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ صوفی بزرگوں کی سرزمین ہے، جو صدیوں سے امن، بقائے باہمی اور محبت کا روشنی کا مینار رہی ہے، سندھ کا اتحاد و بھائی چارے کا پیغام نسل در نسل دلوں کو متاثر کرتا آیا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اجرک اور سندھی ٹوپی محض ثقافتی اسباب نہیں بلکہ سندھ کی شناخت اور اقدار کے مظہر ہیں، اجرک اور سندھی ٹوپی ہمارے لیا احترام، وقار اور فخر کی علامت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی ثقافت کو محفوظ رکھنے اور فروغ دینے کی لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے، سندھی ثقافت پاکستان کی متنوع اور رنگین ثقافتی وراثت کا ایک لازمی حصہ ہے۔ چیئرمین پی پی نے کہا کہ سندھ کے عوام آج کا دن شاہ بھٹائی، سچل اور قلندر جیسے عظیم صوفی بزرگوں کی تعلیمات کو اپنانے کے عہد کے طور پر منائیں، بھٹائی، سچل اور قلندر کے محبت، انسانیت اور امن کے پیغامات سندھ کی شناخت کی روح ہیں، پیپلز پارٹی سندھ کے ثقافتی ورثے کے تحفظ اور اس کی روایات کو جدید دور سے ہم آہنگ رکھنے کے لے پرعزم ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

یہ ساتوں افراد ایک مقامی قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ دوسری جانب بھارتی سیکیورٹی فورسز نے دعوی کیا ہے کہ مارے گئے ساتوں افراد علیحدگی پسند ماونواز باغی تھے۔ جو فوجی اہلکاروں کی اپنے دفاع میں کی گئی فائرنگ میں مارے گئے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اس کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا جب کہ عسکریت پسندوں کے ٹھکانے تباہ کردیئے گئے۔ تاہم علاقہ مکینوں نے اس دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ مارے گئے ساتوں افراد قبائلی تھے اور محنت مزدوری کرتے تھے۔ یاد رہے کہ چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اڈیشہ، مغربی بنگال، آندھرا پردیش، اور مہاراشٹر سمیت بھارت کی متعدد ریاستوں میں علیحدگی پسند تحریکیں سرگرم ہیں۔ یہ تحریکیں مقامی وسائل پر وفاق کی اجارہ داری اور اس کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف ردعمل کے طور پر معروض وجود میں آئی تھیں۔ بھارتی حکومت نے اپنے جائز مطالبات اور قانونی حق کے لیے کھڑے ہونے والے پسماندہ علاقوں کی ان تنظیموں کو حقوق دینے کے بجائے عسکریت کی جانب دھکیلا اور ریاستی جبر کا نشانہ بنا رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

خیبر پختونخواہ امن فٹبال ٹورنامنٹ شاندار اور رنگارنگ تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔۔ فٹبال ٹورنامنٹ پانچ روز جاری رہا جس میں مختلف اضلاع کی 16 ٹیموں نے حصہ لیا۔۔ امن فٹبال ٹورنامنٹ شاندار رنگارنگ تقریب کے ساتھ اختتام پزیر ہوگیا۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی انسپکٹر جنزل فرنٹیئر کور نارتھ میجر جنزل انجم ریاض تھے۔۔ اختتامی روز فائنل میچ بھی کھیلا گیا جس میں ضلع باجوڑ کی ٹیم نے نہایت سنسنی خیز مقابلے کے بعد پنیلٹی ککس پر چترال کی ٹیم کو شکست دی۔۔ مہمان خصوصی نے ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں میڈلز، ٹرافیاں اور انعامات تقسیم کئے۔۔ اختتامی تقریب میں فرنٹیئر کور نارتھ کے بینڈ نے شاندار قومی دھنیں پیش کیں۔ اس موقع پر علاقائی فنکاروں نے روایتی موسیقی اور رقص بھی پیش کیا۔۔ اختتامی تقریب میں شاندار آتش بازی کا مظاہرہ کیا گیا جسے شرکا نے خوب سراہا۔ ۔ پاک فوج اور فرنٹیئر کور نارتھ کی جانب سے خیبر پختونخواہ امن فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد پر کھلاڑیوں، علاقہ مشران، عوام، طلبا اور نوجوانوں نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ باجوڑ میں امن کا سہرہ عوام اور سیکیورٹی فورسز کو جاتا ہے۔ اور اس طرح کے ٹورنامنٹس کا انعقاد اس بات کی واضح مثال ہے۔۔ عوام اور بالخصوص نوجوانوں نے مطالبہ کیا کہ اس طرح کے ٹورنامنٹس کا انعقاد جاری رکھا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

کے ٹیکس کلیکشن میں بڑا شارٹ فال ہوا ہے، ایف بی آر کو مجموعی طور پر ٹیکس محصولات میں 343 ارب روپے کا شارٹ فال ہوا ہے۔ ذرائع ایف بی آر کا کہنا ہے کہ ماہ نومبر میں ایف بی آر 852 ارب روپے کے محصولات اکٹھا کرسکا، ماہ نومبر کا ٹیکس ہدف 1003 ارب روپے تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ چار ماہ کا ٹیکس شارٹ فال 192 ارب روپے تھا، پانچ ماہ کا ٹیکس ہدف 4635 ارب روپے تھا۔ ذرائع ایف بی آر نے مزید بتایا کہ جولائی تا نومبر ایف بی آر 4292 ارب روپے ٹیکس اکٹھا کرسکا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

(ر) زاہد محمود نے کہا کہ پی ٹی آئی ماضی میں وفاق میں حکومت کر چکی ہے اور اب بھی خیبر پختونخوا میں اقتدار میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو ذمے داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے، احتجاج میں اسلحے کا استعمال ہونا خطرناک ہے۔ دفاعی تجزیہ کار نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کے احتجاج کا طریقہ کار نا صرف افسوس ناک ہے بلکہ ملک وقوم کیلیے تباہ کن ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کا مقصد فوج، سیکیورٹی فورسز اور عوام میں نفرت پیدا کرنا تھا، کل کوئی بھی جتھہ ریاست کو چیلنج کرے گا۔ میجر جنرل (ر) زاہد محمود نے یہ بھی کہا کہ سیاسی جماعتوں کو سوچنا چاہیے کہ سیاسی کارکنوں میں تخریب کار عناصر کا شامل ہونا ریاست کو خطرے میں ڈال دیتا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

حکومت سندھ ثقافت کے تحفظ کیلیے پرعزم ہے۔ کراچی سے جاری بیان میں شرجیل میمن نے یوم ثقافت پر عوام کو مبارکباد دی اور کہا کہ یوم ثقافت سندھ متحرک روایات اور لازوال اقدار کے جشن کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھی اجرک، ٹوپی، ادب، موسیقی ہماری تہذیب کی علامات ہیں، بلاول بھٹو کی قیادت میں حکومت سندھی ثقافت کے تحفظ کیلیے پرعزم ہیں۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ ہمارا ثقافتی ورثہ، قومی اتحاد اور قومی ہم آہنگی کیلیے مشعل راہ ہے۔ باہمی احترام، یکجہتی کے ذریعے ایک خوشحال اور پرامن قوم کی تعمیر کر سکتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

ان کو سہولت دیتی آئی ہے، حکومت نے احتجاج سے درست طریقے سے نہیں نمٹا۔ انہوں نے کہا ہے کہ 7 عورتوں کا گینگ ہے جو عمران خان کی لاش پر 50 سال تک سیاست کرنا چاہتا ہے جو مرشد ہے وہی بانی پی ٹی آئی کی تباہی کا ذمہ دار اور ضامن ہے۔ ایک نے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جو لوگ ڈیل کے تحت باہر آئے ہیں وہ ڈیل سے باہر جائیں گے تو پھر حراست میں بھی جائیں گے، دھرنے سے سب سے پہلے بشری بی بی اور گنڈاپور بھاگے، بشری بی بی جان دینے کو تیار تھیں مگر فوٹیج آ گئی کہ وہ ٹہلتے ہوئے گاڑی میں بیٹھ رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بیگم جا کر بانی پی ٹی آئی کو دم درود والا پانی پلا دیں یا دہی کھلا دیں تو ریاست ذمہ دار نہیں ہوگی اور اگر انہیں بچانا ہے تو یہی راستہ ہے کہ ان کی ملاقات نہیں کرائی جائے۔ انکا کہنا تھا کہ بشری بی بی جب عمران خان کی زندگی میں آئیں، اس کے بعد وہ گھڑی چور، مار دھاڑ پر یقین کرنے والے اور اداروں کے خلاف ہوئے، بانی پی ٹی آئی پر کرپشن نہیں بلکہ ان کی بیوی پر کرپشن کے الزام لگے۔ کرپشن کے فائدے گدھ، گوگی گینگ اور ان کے بچوں نے حاصل کیے تھے، پی ٹی آئی میں بانی ہی سب کچھ ہیں یہ حقیقت ہے، پارٹی میں کسی کو بے غیرت کہنے کا بیوی سمیت کسی کو حق نہیں، اگر بانی نے کہا ڈی چوک آنا ہے تو بیوی اور گنڈاپور کیوں بھاگے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

ممبرز نے ایف سی بلوچستان (نارتھ) ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا اور آئی جی ایف سی سے ملاقات کی۔ ہیڈکوارٹرز پہنچنے پر فیکلٹی ممبرز اور طلبا کی جانب سے یادگار شہدا پر سلامی دی گئی، اور انہوں نے قیام امن میں شہدا کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ دورے کے دوران تعلیمی وفد کو ایف سی کی سرحدی نگرانی، سیکیورٹی انتظامات، انسداد اسمگلنگ و منشیات اور دیگر فلاحی کاموں پر تفصیل سے بریفنگ دی گئی۔ بعدازاں، طلبا نے مختلف موضوعات پر سوالات کیے جن کے جواب آئی جی ایف سی نے بخوبی دیے۔ آئی جی ایف سی (نارتھ) نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی پاکستان اور بلوچستان کی ترقی اور امن وامان کا ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی کی قربانیاں اور اقدامات خطے کے امن کے لیے ضروری ہیں۔ دورے کے اختتام پر، فیکلٹی ممبرز اور طلبا نے اس تجربے کو انتہائی مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کے دورے بار بار ہونے چاہئیں تاکہ طلبا کو حقائق سے آگاہ کیا جا سکے۔ ایک فیکلٹی ممبر نے کہا، ایف سی ہیڈکوارٹرز کے دورے سے ہمیں بہت سی مفید معلومات حاصل ہوئیں۔ ایک اور فیکلٹی ممبر نے کہا، آرمی اور ایف سی ہمارے صوبے کی سیکیورٹی کے لیے بہت سے اقدامات کررہی ہیں۔ ایک طالب علم نے سوشل میڈیا پر پھیلنے والی غلط معلومات کا ذکر کرتے ہوئے کہا، "یہاں آ کر بہت ساری چیزیں واضح ہوگئیں ہیں۔ ایک اور طالب علم نے کہا، میرا تعلق ضلع ہرنائی سے ہے، اور ایف سی نے ہمارے ضلع میں بہت اچھے کام کیے ہیں۔ آخر میں، ایک طالب علم نے کہا، "ہم سب دہشتگردوں کے خلاف ہیں اور ایف سی کے جوانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، جو انہیں روکنے کی کوشش کر رہے ہیں۔" فیکلٹی ممبر نے اس بات پر بھی زور دیا کہ طلبا اس دورے کے بعد ایک اچھا امیج لے کر واپس جارہے ہیں۔ یہ دورہ بلوچستان یونیورسٹی کے طلبا و فیکلٹی کے لیے ایک نہایت اہم تجربہ ثابت ہوا، جس نے انہیں صوبے کی سیکیورٹی اور ترقی کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

کرنے والے درزی کی لاش ملی جو پراسرار طور پر جاں بحق ہوگیا۔ ڈیفنس فیز 5 بدر کمرشل اسٹریٹ 2 کے قریب درزی کی دکان سے ایک شخص کی لاش ملی جو پراسرار طور پر جاں بحق ہوگیا۔ متوفی کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے جناح اسپتال لیجائی گئی جہاں اس کی شناخت 58 سالہ فیاض کے نام سے کی گئی جبکہ ابتدائی معلومات کے مطابق متوفی درزی تھا جو کہ دکان میں کام کرتا تھا اور شبہ ہے کہ فیاض دل کا جان لیوا دورہ پڑنے سے چل بسا جبکہ متوفی کے جسم پر کسی بھی قسم کی چوٹ یا زخم کا کوئی نشان نہیں ہے۔ تاہم، پولیس اس حوالے سے مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

سندرانی میں پولیس کی بروقت کاروائی، ڈکیت/اغوا کاروں کا اغوا کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے نزد گوٹھ غازی چاچڑ سے کچہ کی طرف جانے والے خیرپور میرس کی 04 عورتوں، مائی امیر زادی جمالی،، مائی فرزانہ نوناری،، مائی نزیراں سوہاگ،، مائی بچل کناسرو اور ایک مرد محبّ گوپانگ کو اغوا ہونے سے بچا لیا۔ یہ سب لوگ سوزکی بولان وین پہ مختلف قسم کا سامان کچہ میں فروخت کرنے جا رہے تھے دوران ناکہ بندی کیری وین کو روک کران سے کچہ کی طرف جانے کے متعلق پوچھ گچھ کی تو کیری وین والوں نے بتایا کہ ہم کچہ کی طرف سامان فروخت کرنے جا رہے ہیں متعلقہ علاقہ پولیس نے ان کو کچہ کی طرف جانے سے روک لیا اور بتایا کہ تم لوگ کچہ میں اغوا کاروں کے ہاتھوں اغوا ہو جانا تھا۔ تمام افراد نے ڈی آئی جی سکھر کیپٹن ریٹائرڈ فیصل عبداللہ چاچڑ اور ایس۔ ایس۔ پی گھوٹکی ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو اور ان کی ٹیم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے ان کو اغوا ہونے سے بچالیا ڈی آئی جی سکھر کی جانب سے اس کامیاب کاروائی ایس ایس پی گھوٹکی سمیع اللہ سومرو کو شاباش اور ایس ایچ او تھانہ آندل سندرانی محمد اسلم چاچڑ اور ان کی ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹ سمیت کیش ریوارڈ دینے کا اعلان کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

سے آنے والے مریضوں کا علاج کرنے سے انکار کردیا۔ کشمیر میڈیا سروس کی رپورٹ کے مطابق بھارتی ریاست بنگال کے دارالحکومت کولکتہ کے شمالی علاقے مانیکتلا میں واقع جے این رے اسپتال نے بنگلادیش سے آنے والے مریضوں کا علاج کرنے سے انکار کردیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ وہ پڑوسی ملک میں ہندوں کے خلاف ہونے والے مبینہ مظالم کے خلاف احتجاجا بنگلادیش سے آنے والے مریضوں کا علاج نہیں کریں گے۔ اسپتال کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ انتظامیہ کی جانب سے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ غیر معینہ مدت تک کسی بھی بنگلادیشی مریض کو علاج کے لیے داخل نہیں کیا جائے گا۔ عہدیدار کا کہنا ہے کہ یہ بھارت کے ساتھ ان کے توہین آمیز رویے کی وجہ سے کیا گیا ہے جب کہ انہوں نے شہر کے دیگر اسپتالوں پر بھی زور دیا ہے کہ وہ بھی بنگلادیشی شہریوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کریں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

اور لازوال اقدار کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم ثقافت سندھ ہم آہنگی رواداری کا عکاس ہے۔ وزیر توانائی سندھ نے مزید کہا کہ سندھ کی زمین صدیوں سے امن، بھائی چارے اور محبت کی روشنی کا مینار رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پیپلز پارٹی سندھی ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

ہے کہ سندھ نے پاکستان بنایا اس لیے ہمیں تمام قوموں کی ثقافت کا احترام ہے تاہم سندھ کی ثقافت پر طنز، سندھ کے پانی اور وحدت پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو اور اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے ان خیالات کا اظہار اتوار کے روز سندھ کے ثقافتی دن کے موقع پر سندھ کی عوام کو مبارک دیتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کیا ہے۔ پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے کہا ہے کہ سندھ کو 5 ہزار سال پرانی اپنی ثقافت پر فخر ہے اور سندھ کی سرزمین نے ہمیشہ محبت، امن اور رواداری کا ثبوت دیا ہے ثقافتی دن منانے سے معاشرے میں ہم آہنگی اور بھائی چارے کو فروغ ملتا ہے معاشرے اور سیاست میں عدم برداشت، تشدد اور تقسیم کے رجحان کے خاتمے کے لیے ثقافتی سرگرمیاں جاری رہنی چاہیے تاکہ معاشرے میں اپنائیت کے احساس کو فروغ مل سکے۔ اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے کہا کہ سندھ اسمبلی نے پاکستان بنانے کی قرارداد منظور کر کے ملک کو وجود میں لایا اور سندھ کی عوام اپنے دریا اور پانی پر کسی کو ڈاکہ ڈالنے نہیں دے گی۔ انہوں نے کہا کہ متنازعہ کینال منصوبہ سندھ کے عوام کو قبول نہیں ہے اس لیے سندھ کی مرضی کے بنا کوئی بھی منصوبہ نہیں بننا چاہیے سندھ کی عوام نے ہمیشہ نفرت اور انتشار کی سیاست کو مسترد کیا ہے اس لیے سندھ کی عوام کے دلوں میں انتشار اور نفرت پھیلانے والوں کی کوئی جگہ نہیں۔ اویس قادر شاہ نے کہا کہ ثقافتی دن منانے پر سندھ کے عوام کو مبارکباد دیتے ہیں اور سندھ کو اپنے ثقافت پر فخر ہے اور سندھ کی ثقافت اور تہذیب پر طنز کرنے والوں کو ہمیشہ کی طرح منہ کی کھانی پڑے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کو مرکز سے لڑانے کے حق میں بھی نہیں، اسلام آباد میں جو کچھ ہوا وہ اچھا نہیں ہے، 27 ویں آئینی ترمیم سے متعلق کوئی اطلاعات نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کوئی حکومت نہیں ہے، کسی پارٹی پر ہم پابندی لگانے کے حق میں نہیں ہیں۔ کسی پارٹی پر پابندی لگانے یا گورنر راج لگانے والے حالات نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران صحافی نے ان سے سوال کیا کہ کیا مولانا صاحب آپ بانی پی ٹی آئی کی رہائی دیکھ رہے ہیں؟، جس پر ان کا کہنا تھا کہ فیصلہ عدالتیں کرتی ہیں، میں کیا کہہ سکتا ہوں۔ ایک اور صحافی نے مولانا فضل الرحمان سے سوال کیا کہ یہ حکومت کتنی دیر چلتے دیکھ رہے ہیں؟ جس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئی نجومی نہیں ہوں ویسے حکومت کے ایک دن چلنے کا بھی کوئی جواز نہیں ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

ع امعلوم ملزمان نے اسٹیشن روڈ پر واقع خیبر ہوٹل پر بیٹھے ہوٹل مینیجر امداد اللہ تنولی پٹھان پر فائرنگ کر کے جس سے وہ موقع پر دم توڑ دیا، اطلاع ملنے پر فورٹ پولیس موقع پر پہنچی اور لاش ہسپتال منتقل کی۔ پولیس کی ابتدائی تفتیش، عینی شاہدین اور اہم شواہد سے معلوم ہوا ہے کہ قتل کا یہ واقعہ پرانی دشمنی ہے، قاتل مقتول کا قریبی رشتہ دار ہے، قتل کی اس واردات کا مقدمہ کرائم نمبر 146/2024 زیر دفعہ 302,34 مقتول کے بیٹے جعفر تنولی پٹھان کی مدعیت میں درج کر لیا گیا ہے۔ مقتول امداد اللہ کے بیٹے جعفر تنولی نے بتایا کہ ہماری اپنے قریبی رشتہ داروں سے پرانی دشمنی چل رہی ہے جس کے سبب میرے کزن جو کراچی میں رہتا ہے اور گزشتہ دنوں حیدرآباد میں دیکھا گیا تھا اس نے نامعلوم ملزمان کے ہمراہ میرے والد کو دشمنی کے سبب گولی مار کر قتل کیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ایس آئی ایف سی پی آئی اے نجکاری میں سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کر رہی ہے، پی آئی اے کے یورپ کے روٹس کھولے جانے سے مالیاتی حیثیت بہتر ہوگئی۔ پی آئی اے کے برطانیہ کے لیے روٹس کھولنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے، برطانیہ نے براہ راست فلائٹس کھولنے کے لئے ای اے ایس اے کی منظوری سے مشروط کی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ پی آئی اے کا برطانیہ میں لندن اور مانچسٹر کی براہ راست فلائٹس کا روٹس ہے، یورپ اور لندن کے لیے پی آئی اے کے بوئنگ 777 فوری متحرک کیے جائیں گے۔ پی آئی اے کے لیے چار بوئنگ 777 متحرک ہونے سے مالیاتی حیثیت مزید بہتر ہوگی، برطانیہ، یورپ کے روٹس کھولنے سے پی آئی اے کے نقصانات ہر سال کم ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

ریفائنری کی لائن پھٹ گئی فرنس آئل سروس روڈ اور رہائشی عمارت تک پھیل گیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ لائن سے آئل کی پمپنگ روک دی گئی ہے، سڑک پر پھیلنے والے آئل پر مٹی ڈال کر خشک کیا جارہا ہے۔ حکام نے مزید بتایا کہ اس مقام سے کئی کمپنیوں کی لائنیں گزر رہی ہی، ں متاثرہ لان کی مرمت کے لے کھدای شروع کردی گی ہے، لان کس حدتک متاثر ہوی کھدای کے بعد ہی معلوم ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا جو درست ثابت ہوا اور پاکستان نے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 281 رنز اسکور کیے۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم کی جانب سے شاہزیب خان نے عمدہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 چوکوں اور 10 چھکوں کی بدولت 159 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ علاوہ ازیں عثمان خان 60، محمد ریاض اللہ 27، فہام الحق اور کپتان سعد بیگ 4،4 جب کہ ہارون ارشد 3 رنز بنا کر آٹ ہوئے۔ نوید احمد خان 5 اور عمر زیب نے 2 رنز بنا کرناٹ آٹ رہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

مطابق آج شہر کا موسم معتدل رہنے کا امکان ہے جبکہ پیر سے شہر پر بلوچستان کی ہوائیں اثر انداز ہونے کے سبب معتدل موسم کے ساتھ خنک راتیں متوقع ہیں۔ منگل کو شہر میں معمول سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں اور یخ بستہ موسم کے دوران کم سے کم پارہ 17 ڈگری تک گرسکتا ہے۔ شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 تا 31 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ ہوسکتا ہے۔ کراچی میں اتوار یکم دسمبر کی صبح کم سے کم درجہ حرارت 17.7 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ واضح رہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شمالی بلوچستان، بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور خطہ پوٹھوہار میں تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور پہاڑوں پر برف باری کا امکان ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

کرتے ہوئے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اگر پاکستان میں کسی کو بھی وہیل چیئر چاہیے تو الخدمت فانڈیشن اسے مفت فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں آبادی کا دس فیصد کسی نہ کسی معذوری کا شکار ہیں اور پاکستان میں معذور افراد کی تعداد نوے لاکھ ہے۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ معذوروں کو حکومتی کوٹہ کے تحت نوکریاں دی جائیں، پاکستان میں ٹرانسپورٹ یافٹ پاتھ پر معذور افراد کیلیے کوئی جگہ نہیں، ہماری مائیں بہنیں چنگ چی میں دھکے کھا رہی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کورونا میں آکسیجن سلنڈر رکمائی کیلیے غائب کردیے گئے تھے لیکن جماعت اسلامی نے لوگوں کو مفت سلنڈر فراہم کئے، ہمارے معاشرے کو بھی ہاتھ پکڑ کر لوگوں کی سرپرستی کرنی چاہیے، ہم نے معذور افراد کا نام باہمت افراد رکھا ہے اسی نام سے پکاریں گے۔ اس موقع پر باہمت افراد میں وہیل چیئرز اور سفید چھڑیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ تقریب میں نائب صدر الخدمت فانڈیشن پاکستان ذکراللہ مجاہد، ضیا الدین انصاری سمیت دیگر رہنماں نے بھی شرکت کی۔ باہمت افراد اور ان کی فیملیز کے لئے ناشتے کا بھی اہتمام کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

ناک حد تک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کی رپورٹ کے مطابق بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کینسر کے مریضوں میں تشویش ناک اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سال 2013 سے اب تک سری نگر کے صورہ اسپتال میں کینسر کے تقریبا 45 ہزار مریضوں کا اندراج کیا گیا ہے۔ ماہرین صحت نے علاقے میں کینسر کے بڑھتے ہوئے پھیلا کی کئی وجوہات بتائی ہیں جن میں جینیاتی رجحان، طرز زندگی، ماحولیاتی عوامی اور ناکافی وسائل کی وجہ سے تشخیص میں تاخیر شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں ہر گزرتے دن کے ساتھ کینسر کے مریضوں میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

ریور روڈ سے ڈکیتیوں اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان فہیم (گروہ سرغنہ) اور کامران عرف کاموکو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزمان کا 15 رکنی ڈکیت گروہ ہے جس میں ملزمان ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں سمیت قانون نافذ کرنے والے ادارے کی موبائل پر فائرنگ میں بھی ملوث ہیں۔ ملزمان کا ساتھی محمد نعیم غیر قانونی اسلحہ اور چھینی ہوئی موٹر سائیکل سمیت دوران ڈکیتی پہلے ہی گرفتار ہو چکا ہے جبکہ مذکورہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تھے۔ دوران تفتیش ملزمان نے کراچی کے مختلف علاقوں حب ریور روڈ، اتحاد ٹان، نادرن بائی پاس، فقیر کالونی، بلدیہ ٹان اور آفریدی کالونی میں ڈکیتی، اسٹریٹ کرائم، لوٹ مار اور موٹر سائیکل چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے جبکہ دوران اسنیچنگ مزاحمت پر متعدد افراد کو قتل اور زخمی کرنے کا بھی اعتراف کیا ہے۔ ملزمان عادی مجرم ہیں جن پر متعدد ایف آئی آرز درج ہیں جن میں ملزمان مفرور تھے جبکہ ملزمان متعدد بار گرفتار ہو کر جیل بھی جا چکے ہیں۔ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کاروائی کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ ایسے عناصر کے بارے میں اطلاع فوری طور پر قریبی رینجرز چیک پوسٹ، رینجرز ہیلپ لائن 1101 یا رینجرز مددگار واٹس ایپ نمبر 0347-9001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں۔ آپ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔